بسم اللہ وسورۃ المزمل

کی عظمت وافادیت

مؤلف

محسن ملت مولانا سید حسن الہاشمی مد ظلہ العالی

مصنف کثیر کتب عملیات، تعویزات ومخفی علوم

تشکیل نو

محمد عبد

بسم اللہ وسورۃ المزمّل کی عظمت و افادیت

مؤلف

محسن ملت مولانا سیّد حسن الہاشمی مدظلہ العالی

مصنف کثیر کتب عملیات، تعویزات و مخفی علوم

تشکیل نو

محمّد عبد اللہ

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اُردو بازار لاہور

فہرست مضامین

مضامین	صفحہ	مضامین	صفحہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم		ب سے مراد	۱۸
بسم اللہ کی عظمت وافادیت	۶	س سے مراد	〃
تمام آسمانی مذاہب کی تعلیم	〃	م سے مراد	۱۹
جنّت کی چار نہروں پر بسم اللہ مرقوم	۸	اللہ	〃
بسم اللہ کا مقام آخرت میں	۹	رحمٰن ورحیم	۲۰
چار حرف کے چار معنیٰ	۱۰	ہر کام سے پہلے بسم اللہ کی حکمت	۲۱
حضرت علیؓ اور فضیل بن عیاضؒ کا ارشادِ گرامی	۱۱	بسم اللہ کے مزید معنیٰ اور تشریح	۲۳
		بسم اللہ شریف کے خواص وفضائل	۲۴
شیطان کی مایوسی	〃	ہر قسم کے درد کے لئے	۲۵
حدیثِ قدسی	〃	حصولِ مرادات	〃
ایک یہودی کی لڑکی کا عبرتناک واقعہ	۱۲	تیزئ ذہن	۲۶
نزول کا تکرار	۱۳	ہر قسم کے بخار کو دفع کرنیکے لئے	۲۷
آنحضورؐ پر بسم اللہ کا نزول	۱۴	پانچ سال سے کم عمر بچوں کی حفاظت کے لئے	〃
شیطان کی آہ وبکا	〃		
بسم اللہ کے حروف	۱۵	حشرات وجنات بھگانے کیلئے	〃
۱۹ عدد کی اہمیت	۱۶	اچھی زندگی اور شہادت کیلئے	۲۸
۱۹ عدد کا ایک پیمانہ ہے	۱۷	تمام مشکلات کو دفع کرنے کیلئے	۲۹
بسم اللہ کے حروف کا مطلب	۱۸	ہر حاجت کی تکمیل کے لئے	〃

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سورۂ مزمل کی عظمت وافادیت

روحانی خزانوں سے بھرپور ایک انمول کتاب

مرتب

مولانا حسن الہاشمی

سرپرست اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز، دیوبند

فہرستِ مضامین

عنوانات	صفحہ
انتساب	۸
پیش لفظ	۹
سورۂ مزمل کی فضیلت	۱۱
سورۂ مزمل کی عظمت وافادیت	۱۲
بانجھ پن کا علاج	۱۲
شادی کے لئے	۱۳
ملازمت کے لئے	۱۶
قوتِ حافظہ	۱۶
فاقہ سے بچنے کے لئے	۱۷
نظرِ بد سے بچاؤ	۱۷
چشم خلائق میں مقبول ہونے کیلئے	۱۷
قید سے رہائی کے لئے	۱۸
ہر مقصد کے لئے	۱۸
کمر کے درد کے لئے	۱۹
اولادِ نرینہ کے لئے	۱۹
دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے	۱۹
دشمن کی زبان بندی کے لئے	۲۰
برائیوں سے نجات کے لئے	۲۰
غربت وافلاس سے چھٹکارا کیلئے	۲۱
بیماریوں سے نجات کے لئے	۲۲
قضاءِ حاجت کے لئے	۲۲
علم میں اضافہ کے لئے	۲۳
حمل کے لئے	۲۳
دشمن کا گھر ویران کرنا	۲۴
کشائشِ رزق کے لئے	۲۴
فتوحاتِ کثیرہ کے لئے	۲۵
کسی خاص حاجت کے لئے	۲۶
نماز کی طرف رغبت پیدا کرنا	۲۶
جوڑوں سے درد کے لئے	۲۶
کسی خاص مرض سے نجات کیلئے	۲۷
رجعت وگردش کے لئے	۲۷
قوتِ حافظہ کے لئے	۲۸

عنوانات	صفحہ
مہلک امراض کے لئے	۲۹
خواب میں کوئی جگہ دیکھنا	۳۰
جادو کا علاج	۳۰
دفینے کی جگہ معلوم کرنا	۳۰
جن کو مسخر کرنا	۳۱
غیب سے فتوحات حاصل کرنا	۳۱
دشمن سے بچاؤ کے لئے	۳۲
روزگار کے لئے	۳۲
ثابت قدم رہنے کے لئے	۳۳
عبادت وتوفیق کے لئے	۳۴
تنگ نظری سے نجات کے لئے	۳۴
رزق میں اضافہ کے لئے	۳۵
کسی بھی حاجت کے لئے	۳۶
دشمن کی تباہی کے لئے	۳۷
بانجھ عورت کے لئے	۳۷
میاں بیوی کی محبت کے لئے	۳۸
مسان سے نجات کے لئے	۳۸
دشمن کی بربادی کے لئے	۳۸

عنوانات	صفحہ
حاکم کو مہربان کرنے کے لئے	۳۸
مشکلات سے نجات پانے کیلئے	۳۹
تسخیر خلائق کے لئے	۳۹
استخارہ کے لئے	۳۹
ناقدری سے بچنے کے لئے	۴۰
گناہوں سے بچنے کے لئے	۴۱
مصائب سے محفوظ رہنے کیلئے	۴۱
تنگی رزق کے لئے	۴۳
تمام حاجات کے لئے	۴۳
غلبہ نفس سے محفوظ رہنے کیلئے	۴۳
کسی چیز کے بارے میں معلومات حاصل کرنا	۴۴
زبان بندی کے لئے	۴۴
آسیب کو دفع کرنے کے لئے	۴۴
قضاء حاجت کے لئے	۴۴
غیب سے مدد حاصل کرنا	۴۵
چشم خلائق میں مقبول ہونا	۴۸
غربت سے نجات کے لئے	۴۸

عنوانات	صفحہ
نامردی کا علاج	۴۹
دشمن کو پریشان کرنے کے لئے	۴۹
انتساب	۸
پیش لفظ	۹
وسعت رزق کے لئے	۴۹
قرض کی ادائیگی کے لئے	۵۰
سوکنوں کی لڑائی کے لئے	۵۰
جلد شادی کے لئے	۵۱
بدقسمتی دور کرنے کے لئے	۵۱
مصائب سے نجات کے لئے	۵۲
دشمن کی ہلاکت کے لئے	۵۳
امتحان میں کامیابی کے لئے	۵۳
حاسدوں سے بچنے کے لئے	۵۴
سفر میں حفاظت کے لئے	۵۴
جن کے اثرات سے نجات	۵۴
دشمن کی زبان بندی کے لئے	۵۵
کسی بھی افسر کو مہربان کرنے کیلئے	۵۵
پاگل پن کا علاج	۵۶

عنوانات	صفحہ
مراد پوری ہونے کے لئے	۵۶
کامیابی اور فتوحات کے لئے	۵۶
قید سے رہائی کے لئے	۵۷
بچے کا رونا اور ضد کرنا	۵۷
محبت میں دیوانہ بنانے کے لئے	۵۸
غائب کو حاضر کرنا	۵۹
تسخیر محبت کے لئے	۵۹
رزق کی فراوانی کے لئے	۶۰
کسی بھی مہم کو حل کرنے کے لئے	۶۰
مہلک مرض سے شفا کے لئے	۶۰
دولت اور رتبہ حاصل کرنے کیلئے	۶۱
عہدے کی بحالی کے لئے	۶۱
چشم خلائق میں معزز ہونے کیلئے	۶۱
میاں بیوی کی محبت کے لئے	۶۲
زبان بندی کے لئے	۶۲
دو افراد میں جدائی کے لئے	۶۳
مقدمہ میں کامیابی کے لئے	۶۳
حمل کی حفاظت کے لئے	۶۳

عنوانات	صفحہ
مفرور کی واپسی کے لئے	۶۴
مہم میں کامیابی کے لئے	۶۵
حاکم کو مہربان کرنے کے لئے	۶۵
لڑکی کی شادی کے لئے	۶۶
طاعون سے حفاظت کے لئے	۶۶
والدین کو حاضر کرنے کے لئے	۶۶
اولاد کی فرمانبرداری کے لئے	۶۷
چوری کا مال	۶۷
قرآن جلد حفظ ہو	۶۷
دو دشمنوں میں صلح	۶۸
جنات کو تابع کرنے کے لئے	۶۸
کسی بھی مقصد میں کامیابی کیلئے	۶۹
آسیب کو بھگانے کے لئے	۶۹
فالج اور لقوے کا علاج	۶۹
مشکلات اور مصائب سے نجات	۷۰
بخار سے نجات کے لئے	۷۰
حاجت روائی کے لئے	۷۰
قوت گویائی کے لئے	۷۱

عنوانات	صفحہ
بے شمار فوائد کے لئے	۷۲
غیب سے روزی کے لئے	۷۲
جن کو تابع کرنا	۷۶
آسیب زدہ کے لئے	۷۶
ڈائن کی نظر بد کا علاج	۷۷
روحانی قوت بڑھانے کے لئے	۷۷
جدائی ڈالنا	۷۸
آسیب کو دفع کرنا	۷۸
پریشانی سے نجات کے لئے	۷۸
روزگار میں اضافے کے لئے	۷۹
مال کی حفاظت کے لئے	۸۰
زبان بندی کے لئے	۸۰
فسق وفجور سے بچنے کے لئے	۸۱
قضاء حاجت کے لئے	۸۱
مفلسی دور ہو	۸۱
محتاجی سے محفوظ رہنے کے لئے	۸۳
سوکھے کا علاج	۸۳
دل کو مسخر کرنا	۸۳

عنوانات	صفحہ
دشمن کے وار سے محفوظ رہنے کیلئے	۸۴
محبت میں فریفتہ کرنے کے لئے	۸۴
دشمن کی پریشانی	۸۵
دشمن کی بربادی کے لئے	۸۵
ہمیشہ کیلئے شر سے محفوظ رہنے کیلئے	۸۵
پیٹ کی خرابی	۸۶
ظالم افسر سے نجات کے لئے	۸۶
وسعت رزق کے لئے	۸۶
گناہوں سے چھٹکارے کیلئے	۸۷
ظالم کی بربادی کے لئے	۸۷
مطلوب کو حاضر کرنا	۸۷
ظاہری اور باطنی فتوحات کیلئے	۸۸
مثانہ کی تکلیف کے لئے	۸۹
پریوں کو حاضر کرنے کے لئے	۹۰
اولاد نرینہ کے لئے	۹۰
عجیب وغریب فوائد کے لئے	۹۰
خاص مقصد میں کامیابی کے لئے	۹۱
گم شدہ کو حاضر کرنا	۹۲

عنوانات	صفحہ
امتحان میں کامیابی کے لئے	۹۳
فتوحات کے لئے	۹۴
کشائش رزق کے لئے	۹۴
موکل کو حاضر کرنا	۹۵
مفرور کا حال معلوم کرنا	۹۵
وسعت روزگار کے لئے	۹۶
مستجاب الدعوات بننے کے لئے	۹۶
ظالم وفاسق کو ہلاک کرنے کیلئے	۹۸
مصائب سے نجات کے لئے	۹۸
حاضرات کے لئے	۹۹
سورۂ مزمل کی زکوٰۃ	۹۹
تسخیر موکلات سورۂ مزمل	۱۰۳
حاضرات سورۂ مزمل	۱۰۴
سورۂ مزمل کی حاضرات کا طریقہ	۱۰۶
جادو آسیب اور آفات سے نجات	۱۰۷
جنات آسیب نجات کے لئے	۱۰۸
ہر طرح کے مرض سے نجات کیلئے	۱۰۹
☆☆☆☆	☆

انتساب

اُن بزرگوں کے نام جنہوں نے روحانی عملیات کا ایسا انمول خزانہ اپنی قیمتی کتابوں میں چھوڑا ہے جس سے قیامت تک اللہ کے بندے استفادہ کرتے رہیں گے۔

اللہ ان کی خدمات کو قبول فرمائے اور ان بزرگوں کی قبروں کو نور سے بھر دے۔

(آمین)

ناچیز
حسن الہاشمی

پیش لفظ

بسم اللہ کی عظمت وافادیت، آیت الکرسی کی عظمت وافادیت، سورۂ فاتحہ کی عظمت وافادیت، سورۂ یٰسین کی عظمت وافادیت، سورۂ رحمٰن کی عظمت وافادیت کے بعد اب راقم الحروف اپنے قارئین کی خدمت میں سورۂ مزمل کی عظمت وافادیت پیش کرنے کی جرأت کر رہا ہے۔ سورۂ مزمل کی عظمت وافادیت، علاج بالقرآن کے تحت ماہنامہ طلسماتی دنیا میں مختصراً شائع ہو چکی ہے۔ اب اسی مضمون کو ضروری اضافوں کے ساتھ کتابی شکل میں پیش کیا جا رہا ہے۔

میں امید کرتا ہوں کہ راقم الحروف کی یہ کوشش بھی کامیاب رہے گی اور اس کتاب کو بھی قارئین کی طرف سے وہی پذیرائی ملے گی جو سابقہ کتابوں کو مل چکی ہے۔

یہ کتاب عاملین کے لئے یقیناً ایک ''رہنما'' ثابت ہوگی، وہ اس کتاب کے ذریعہ اللہ کے ضرورت مند بندوں کی حسبِ ضرورت خدمت کر سکیں گے یہ کتاب عوام الناس کے لئے بھی مفید ثابت ہوگی۔ اس کا مطالعہ کر کے ان کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور اس کو اندازہ ہو جائے گا کہ اللہ کا کلام اپنے اندر عظیم الشان وسعت اور رفیع الشان گہرائی رکھتا ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ سے یہ بات بھی واضح ہو جائے گی کہ اللہ کا کلام ہر مشکل کا حل پیش کرتا ہے۔ کلام الٰہی کے ایک ایک حرف میں روحانی

خزانے موجود ہیں۔ان خزانوں کے ذریعہ ہم اپنی آخرت بھی سنوار سکتے ہیں اوراپنی دنیا بھی۔کلام الٰہی کے ذریعہ مہلک امراض سے بھی نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔اسی بات کو ثابت کرنے کے لئے انشاءاللہ یہ کتاب تیر بہدف ثابت ہوگی۔

آج جب کہ انگریزی دوائیں بنانے والی اکثر کمپنیاں نقلی دوائیں بنا رہی ہیں جوانسانوں کو فائدہ پہنچانے کے بجائے نقصان پہنچارہی ہیں۔ایسے حالات میں ہمیں دواؤں کے بجائے روحانی عملیات کے ذریعہ علاج کو عام کرنا چاہئے۔

ہمارا تجربہ یہ ہے کہ روحانی علاج نسبتاً زیادہ کارگر ثابت ہوتا ہے اور اللہ کے کلام کی برکتیں ہمیں موذی اور مہلک امراض سے نجات دلانے میں اہم رول ادا کرتی ہیں۔ایمان و یقین کے ساتھ ہمیں آیات قرآنی سے استفادہ کرنا چاہئے۔

میں تمام قارئین سے التجا کرتا ہوں کہ وہ اس کتاب سے استفادہ کرتے وقت راقم الحروف کو اپنی مخصوص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

ناچیز

حسن الہاشمی

۷/جون ۲۰۱۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سورۂ مزمل

قرآن حکیم کی موجودہ ترتیب کے اعتبار سے سورۂ مزمل قرآن حکیم کی ۷۳ویں سورۃ ہے۔اس سورۃ کی شروعات ایک خاص انداز سے ہوئی ہے اور ایک خاص انداز سے رب العالمین نے رحمۃ للعالمین کو مخاطب کیا ہے۔

سورۂ مزمل کی فضیلت

سورۂ مزمل کے بے شمار فوائد ہیں۔اس سورۃ کی تلاوت کرنے کے بے شمار برکتیں نازل ہوتی ہیں اور اس سورۃ کی تلاوت کرنے والے کو رب الکائنات کے قرب کا احساس ہوتا ہے۔یوں تو قرآن حکیم کا ایک ایک حرف اپنے اندر بے شمار فضیلتیں رکھتا ہے اور قرآن حکیم کا ایک ایک نقطہ مقدس اور قابل احترام ہے لیکن سورۂ مزمل کی خصوصیات اپنے اندر عجیب وغریب انفرادیت رکھتی ہیں اور اس کی تلاوت کرنے سے عجیب وغریب فوائد حاصل ہوتے ہیں۔سرکار دو عالم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص مصائب اور مشکلات کے حالت میں سورۂ مزمل کی تلاوت کرے گا اس کو مصائب ومشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ نے حضرت حسن بصریؒ سے روایت کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ جس شخص کو جادوگر، ظالم، فاسق دشمن اور حاسد قسم کے لوگ نقصان پہنچانے کی فکر میں ہوں اور وہ روزانہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرنے لگے تو اس کے دشمن اس کو نقصان نہیں پہنچاسکیں گے اور وہ جادو سے حسد سے اور

دشمنوں کی دیگر کارروائیوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ سورۂ مزمل کی برکت سے میں نے ۷۰ لڑائیوں میں فتح حاصل کی۔

سورۂ مزمل کی عظمت وافادیت

● اگر کوئی عورت مسان کا شکار ہو اور اس کے بچے نوعمری ہی میں فوت ہو جاتے ہوں تو اس کے قد کے برابر نیلے رنگ کے چالیس تار لیں اور ان پر چالیس گرہ اس طرح لگائیں کہ ہر گرہ پر سورۂ مزمل ایک مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ پھر اس گنڈے کو حاملہ عورتوں کے گلے میں ڈالیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد اسی گنڈے کو بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ حمل بھی محفوظ رہے گا اور بعد میں بچہ بھی سلامتی کے ساتھ زندہ رہے گا۔

بانجھ پن کا علاج

● اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے بچے نہ پیدا ہوتے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔ سورۂ مزمل کی یہ آیت ۷ رطشتریوں پر گلاب وزعفران سے لکھیں اور حیض سے فارغ ہونے کے بعد ۷ ردن تک اس طشتری کو سادے پانی سے دھو کر عورت کو ایک طشتری کا پانی دن میں ۳ ربار پلائیں۔ صبح شام اور رات کو سوتے وقت۔ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا اس آیت کا نقش بنا کر سرخ کپڑے میں پیک کر کے عورت کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ ۳ رماہ کے اندر اندر حمل قرار پائے گا۔

نقش ایک بار لکھ کر ڈال دیں اور طشتری والا عمل ۳ رطہروں میں کریں یعنی

حیض سے فارغ ہونے کے بعد ۳ رمہینوں تک کریں اور سات دن یہ پانی پلائیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹۵	۳۰۸	۳۰۵	۳۰۲
۳۰۶	۳۰۱	۲۹۶	۳۰۷
۳۰۰	۳۰۳	۳۱۰	۲۹۷
۳۰۹	۲۹۸	۲۹۹	۳۰۴

شادی کے لئے

● اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو تو جمعہ کے دن بوقت اشراق ۴ رکعت نفل ادا کرنے کے بعد ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سجدے میں جا کر اپنی شادی کی دعا کرے۔ اس عمل کو ۷ جمعوں تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اسی دوران شادی کی بات کسی بہتر جگہ پکی ہو جائے گی۔

● اگر کوئی شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کی آنکھ تہجد کے وقت کھل جایا کرے تو اس کو چاہئے کہ سونے سے پہلے ان آیات کو سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ بروقت آنکھ کھلے گی اور ان آیات کی برکت سے نماز تہجد کی توفیق عطا ہوگی: بسم اللہ الرحمن الرحیم یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِصْفَهٗ اَوِانْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا اِنَّا

سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلاً ثَقِیْلاً اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلاً

- تانبے کی تختی پر سورۂ مزمل کی ان آیات کو کندہ کرا کر اگر بچے کے گلے میں ڈال دیں تو بچہ نظر بد اور دیگر اثرات سے محفوظ رہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلاً

- اگر کوئی شخص کسی بھی پریشانی میں مبتلا ہو اور کسی بھی طرح اس پریشانی سے نجات نہ مل رہی ہو تو مذکورہ آیت کا ورد روزانہ تین سو مرتبہ کرے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۴۰ دن کے اندر اندر پریشانی سے نجات ملے گی۔

- اس آیت کا نقش مالی اور دیگر پریشانیوں میں رب العالمین کے فضل سے مؤثر ثابت ہوتا ہے اس نقش کو جمعرات کے دن مشتری کی ساعت میں لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۱۹	۱۰۲۲	۱۰۲۶	۱۰۱۲
۱۰۲۵	۱۰۱۳	۱۰۱۸	۱۰۲۳
۱۰۱۴	۱۰۲۸	۱۰۲۰	۱۰۱۷
۱۰۲۱	۱۰۱۶	۱۰۱۵	۱۰۲۷

- اگر کوئی شخص دشمن کی ایذا رسانی سے پریشان ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اللہ اس کے دشمن سے خود انتقام لے تو اس کو چاہئے روزانہ دشمن کا تصور کرتے ہوئے

سورۂ مزمل کی یہ آیت سو مرتبہ پڑھا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَذَرْنِیْ وَالْمُكَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِیْلاً

- اس آیت کا نقش اگر کوئی شخص اپنے گلے میں ڈال لے تو وہ دشمن کی چالوں سے محفوظ رہے اور اس کا دشمن بذات خود کسی نہ کسی آفت اور مصیبت کا شکار ہو جائے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۱	۵۹۴	۵۹۷	۵۸۳
۵۹۶	۵۸۴	۵۹۰	۵۹۵
۵۸۵	۵۹۹	۵۹۲	۵۸۹
۵۹۳	۵۸۸	۵۸۶	۵۹۸

- مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے سورۂ مزمل کی اس آیت کا ورد روزانہ گیارہ سو مرتبہ کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے مقدمہ کی تاریخ سے ۱۱ دن پہلے یہ عمل شروع کریں اور روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ اگر ۱۱ لوگ مل کر پڑھیں تو سو مرتبہ ایک شخص پڑھے اور روزانہ مقدمہ کی کامیابی کی دعا کریں۔ انشاء اللہ مقدمہ کا رخ اپنی طرف ہو جائیگا۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَیْكُمْ رَسُوْلاً شَاهِدًا عَلَیْكُمْ كَمَا اَرْسَلْنَا اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً

دشمن سے نجات پانے کے لئے

- اگر کوئی شخص کسی دشمن کی دشمنی سے پریشان ہو اور وہ اس سے نجات حاصل

کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ منگل کے دن قبرستان میں دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر صرف ۲ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول و آخیر درود شریف نہ پڑھے اور ننگے سر تلاوت کرے۔ تلاوت کے بعد اللہ سے دعا کرے کہ وہ دشمن کی دشمنی سے محفوظ رہے اور اگر دشمن دشمنی سے باز نہ آئے تو وہ برباد ہو جائے۔ انشاء اللہ دشمن کی دشمنی سے نجات مل جائے گی اور اگر دشمن اپنی حرکتوں سے باز نہ آئیں گے تو بربادی کا شکار ہو جائیں گے۔

ملازمت کے لئے

● اگر کسی کو حسبِ منشاء ملازمت کی تلاش ہو تو اس کو عروجِ ماہ میں یہ عمل لگاتار ۷ دن تک کرنا چاہئے، اس عمل کو اگر عروج ماہ کی پیر یا جمعرات سے شروع کریں تو بہتر ہے۔ عمل یہ ہے: اشراق کے وقت دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح پڑھے کہ آیت ترتیلاً پر پہنچے تو ۱۵ مرتبہ آیت وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔

قوتِ حافظہ

● اگر کسی بچے کی قوت حافظہ کمزور ہو تو روزانہ ۳ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس کو نہار منہ پلائیں۔ انشاء اللہ چند ماہ میں قوتِ حافظہ بڑھ جائے گی۔

قرض سے نجات پانے کے لئے

● اگر کوئی شخص قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور آمدنی محدود ہونے کی وجہ

سے قرض نجات حاصل کرنا مشکل نظر آ رہا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد ایک بار سورۂ مزمل پڑھے اول و آخیر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، اس کے بعد ۳ مرتبہ یہ دعا مانگے: "یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هَيِّئْ لَنَا سَبَبًا لَا يَسْتَطِيعُ لَهٗ طَلَبًا وَ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ اِفْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَ اَبْوَابَ مَغْفِرَتِكَ وَ اَبْوَابَ عِنَايَتِكَ يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ" اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھے، انشاء اللہ قرض کی ادائیگی کے لئے غیب سے اسباب پیدا ہوں گے۔

فاقہ سے بچاؤ کے لئے

اگر کوئی شخص روزانہ رات کو عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے گا وہ فقر و فاقہ سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

نظر بد سے بچاؤ

اگر کسی بچے کو نظر لگ جائے تو باوضو ہو کر ۳ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کر کے اس بچے پر دم کر دیں۔ انشاء اللہ فوراً نظر سے نجات مل جائے گی اور اگر کوئی شخص روزانہ اپنے بچوں پر مغرب کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر دیا کرے تو اس کے بچے ہمیشہ نظرِ بد سے محفوظ رہیں۔

چشم خلائق میں مقبول ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے اور سب لوگ اس کے ساتھ محبت اور عزت سے پیش آئیں اور وہ تمام آفات سے محفوظ بھی رہے تو اس کو چاہئے کہ سورۂ مزمل لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ مذکورہ مقاصد

میں زبردست کامیابی ملے گی۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص ناحق گرفتار کرلیا گیا اور اس کی رہائی کی کوئی صورت ممکن نہ ہو تو عروج ماہ میں جمعرات کے دن اس عمل کو شروع کرے، اشراق کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ۳۰ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اور اپنی رہائی کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں اس کی رہائی کا فیصلہ ہوجائے گا۔ اس عمل کو لگاتار ۷ دن تک جاری رکھے، اس کے بعد جب تک رہائی نہ ہو روزانہ ایک مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرتا رہے۔

ہر مقصد کے لئے

تمام مقاصد حسنہ کے لئے مندرجہ ذیل نقش انشاء اللہ کار بند ثابت ہوگا۔ نوچندی جمعرات کو اشراق کی نماز کے بعد اس نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے یا پھر اپنے گھر میں لٹکالے۔ انشاء اللہ کوئی بھی جائز مقصد ہوگا اس میں کامیابی ملے گی۔ اس نقش سے رزق میں خیر و برکت بھی ہوتی ہے اور رزق کے لئے دروازے بھی ہر طرف سے کھل جاتے ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۳۱۹	۱۷۳۲۳	۱۷۳۲۶	۱۷۳۱۲
۱۷۳۲۵	۱۷۳۱۳	۱۷۳۱۸	۱۷۳۲۴
۱۷۳۱۴	۱۷۳۲۸	۱۷۳۲۱	۱۷۳۱۷
۱۷۳۲۲	۱۷۳۱۶	۱۷۳۱۵	۱۷۳۲۷

کمر کے درد کے لئے

اگر کسی کے کمر میں درد ہو اور کسی طرح سے آرام نہ مل رہا ہو تو کسی شخص سے کہے کہ کمر پر ہاتھ رکھ کر ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کردے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔ انشاء اللہ کمر کا درد اسی وقت ختم ہوجائے گا۔

اولادِ نرینہ کے لئے

اگر کسی کے نرینہ اولاد نہ ہوتی ہو تو حمل ٹھہرنے کے ایک ماہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر کسی شیرینی پر دم کرکے دونوں میاں بیوی کھائیں، اس عمل کو لگاتار ۱۱ دن تک کریں۔ انشاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

پیر کے دن باوضو حالت میں سورۂ مزمل ۷ مرتبہ پڑھ کر دشمن کے گھر کا تصور کرکے پھونک دے۔ انشاء اللہ دشمن کی شرارتوں سے حفاظت ہوجائے گی اور اگر اس کے بعد دشمن کوئی شرارت کرے گا تو خود ہی برباد ہوجائے گا۔

دشمن کے ظلم وستم سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص کسی کو ناحق پریشان کرتا ہو اور وہ شخص اس کی زیادتیوں اور پیدا کردہ الجھنوں سے جاں بلب ہو تو اس کو چاہئے کہ سورۂ مزمل کی اس آیت کا ورد ہر فرض نماز کے بعد ۳۱۳ مرتبہ کرے اور ورد کے وقت اس شخص کا تصور رکھے۔ اس عمل کو لگاتار ۱۳ دن تک کرے۔ انشاء اللہ وہ ظالم شخص خود کسی مصیبت کا شکار ہوجائے گا۔

دشمن کی زبان بندی کے لئے

اس آیت کے نقش کو دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھ کر اگر قبرستان میں دبادیں تو دشمن کی بولتی بند ہو جائے اور وہ اپنے غلط ارادوں میں ناکام ہو جائے۔ آیت یہ ہے: بسم اللّٰہ الرَّحمٰن الرَّحِیم۔ فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا.

اس آیت کا نقش یہ ہے اور یہ خاکی چال سے پُر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۹۴۴	۹۳۹	۹۳۸	۹۴۹
۹۳۷	۹۵۰	۹۴۳	۹۴۰
۹۴۷	۹۳۶	۹۴۱	۹۴۶
۹۴۲	۹۴۵	۹۴۸	۹۳۵

زبان بند کردم۔ ہوش وحواس گم کردم فلاں ابن فلاں فی حق فلاں ابن فلاں

بھٹکے ہوئے کو راہ پر لانے کے لئے

اگر کوئی شخص راہ حق سے بھٹک گیا ہو تو اس کو چاہئے کہ سورۂ مزمل کی اس آیت کی تلاوت روزانہ سو مرتبہ کرے۔ انشاء اللہ ایک ماہ کے ورد کی پابندی سے وہ صراط مستقیم پر آجائے گا۔ آیت یہ ہے: بسم اللّٰہ الرَّحمٰن الرَّحِیم۔ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا.

برائیوں سے نجات پانے کے لئے

اگر کوئی شخص جوا، شراب، سٹے بازی یا کسی اور اخلاقی خرابی کا شکار ہو تو اس

کے لئے اس آیت کا نقش بنا کر گلے میں ڈالیں اور مذکورہ آیت کو ۳۶۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس شخص کو پلائیں اور لگاتار ۴۰ دن تک پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تمام خرابیوں سے نجات ملے گی۔ اور بری عادتوں سے توبہ کی توفیق نصیب ہوگی۔

اس آیت کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۴۹	۱۱۵۳	۱۱۵۶	۱۱۴۲
۱۱۵۵	۱۱۴۳	۱۱۴۸	۱۱۵۴
۱۱۴۴	۱۱۵۸	۱۱۵۱	۱۱۴۷
۱۱۵۲	۱۱۴۶	۱۱۴۵	۱۱۵۷

غربت اور افلاس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص غربت اور پریشانیوں میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد سورۂ مزمل کی اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔ آیت یہ ہے: بسم اللّٰہ الرَّحمٰن الرَّحِیم۔ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اول وآخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس آیت کا نقش رزق کے حصول مال میں خیر و برکت اور کاروبار کی ترقی کے لئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔

اس آیت کے دو نقش بنانے چاہئیں ایک نقش دکان یا مکان میں آویزاں کرے اور ایک نقش اپنے دائیں بازو پر باندھیں، دونوں نقش ہرے کپڑے میں پیک ہوں گے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۴	۱۹۸	۲۰۱	۱۸۷
۲۰۰	۱۸۸	۱۹۳	۱۹۹
۱۸۹	۲۰۳	۱۹۶	۱۹۲
۱۹۷	۱۹۱	۱۹۰	۲۰۲

بیماری سے نجات پانے کے لئے

مرض کیسا بھی ہو اور اس کی شدت کتنی بھی ہو اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاءاللہ مرض سے نجات ملے گی۔

آیت یہ ہے: بسم اللّٰه الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْكُمْ اس آیت کے اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف بھی پڑھنا چاہئے۔ اس آیت کو اگر گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر دیا کریں تو بھی مرض میں افاقہ ہو جاتا ہے۔

قضائے حاجت کے لئے

کوئی بھی جائز حاجت ہو اس کو پوری کرانے کے لئے جمعہ کی نصف شب میں اٹھ کر غسل کرے اور نیا یا صاف ستھرا لباس پہنے، خوشبو لگائے، اس کے بعد قرآن حکیم میں دیکھ کر ۲۱ر مرتبہ سورہ مزمل پڑھے، اول و آخیر ۲۱ر مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد اپنی حاجت کے بارے میں دعا کرے، اس عمل کو لگاتار ۷ر راتوں تک کرے۔ انشاءاللہ کوئی بھی حاجت ہوگی، پوری ہو جائے گی۔

سرکار دو عالم ﷺ کی خواب میں زیارت کرنے کے لئے

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ سرکارِ دو عالم ﷺ کو خواب میں دیکھے تو وہ

نوچندی جمعرات کو پاک صاف لباس پہنے خوشبو سے بستر اور لباس کو معطر کرے۔ اور عشاء کی نماز کے بعد ڈھائی سو مرتبہ سورہ مزمل کو اس طرح پڑھے کہ اول و آخیر سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور اس کا ثواب سرکار دو عالم ﷺ کو پہنچائے۔ اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور بستر پر لیٹ جائے، اگر اس رات کو زیارت سے مشرف نہ ہو تو اگلے ماہ پھر نوچندی جمعرات کو یہ عمل دہرائے، لگاتار ۳ر نوچندی جمعراتوں کو یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ دوسری بار یا پھر تیسری بار ضرور زیارت سے مشرف ہوگا۔ زیارت سے مشرف ہونے کے بعد کم سے کم سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔

علم میں اضافہ کے لئے

اگر کوئی طالب علم یہ چاہتا ہو کہ اس کو علم کی دولتِ کثیر حاصل ہو تو اس کو چاہئے کسی شب میں عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ اول و آخیر ایک سو مرتبہ ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔ انشاءاللہ علم کی دولت بیش بہا سے سرفراز ہوگا اور علم لدنی بھی نصیب ہوگا۔

حمل کے لئے

اگر کسی عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو تو وہ یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ اولاد سے سرفراز ہوگی اور حمل قرار پائے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک کلو کالے تل لے کر باوضو ہو کر ایک مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے، اول و آخیر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ان تلوں پر دم کر دے، یہ تل حیض سے فارغ ہونے کے بعد پورے ماہ نہار منہ اور رات کو سوتے وقت چمچہ بھر کھاتی رہے، اگلے ماہ جب حیض سے فارغ

ہو تو گائے کے دودھ پر ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرلے اور اول وآخر
۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اس دودھ کو رکھ لے اور روزہ رکھے اور اس دودھ
سے روزہ افطار کرے۔ رات کو شوہر کے ساتھ ہم بستری کرے۔ انشاء اللہ حمل
قرار پائے گا۔

دشمن کا گھر ویران کرنا

اگر کوئی شخص فاسق وفاجر ہو اور لوگوں کو ایذا دینا اس کی زندگی کا مقصود بنا
ہوا ہو اور اس فاسق وفاجر شخص کی زیادتیوں سے عام لوگوں کا ناک میں دم ہو رہا ہو
تو ایسے شخص کو تباہ وبرباد کرنے کے لئے کسی پرانی قبر کی مٹی پر گیارہ مرتبہ سورۂ
مزمل پڑھ کر دم کردیں اور اس مٹی کو اس فاسق وفاجر کے گھر میں ڈال دیں۔ اللہ
کے حکم سے وہ شخص تباہی اور بربادی کا شکار ہو جائے گا لیکن اس طرح کے عمل
بہت ہی مجبوری میں اور کسی مفتی سے فتویٰ لے کر تب کرنے چاہئیں، ناحق کسی
کو پریشان کریں گے تو اپنی آخرت برباد ہو جائے گی۔

کشائش رزق کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے رزق حلال میں وسعت پیدا کرنے کا خواہش مند ہو
تو اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد سورۂ مزمل ۲۱ مرتبہ پڑھے اور اول و
آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور جب فاتخذہ وکیلا پر پہنچے تو
۴۵ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل پڑھے۔ اس عمل کو ۲۱ راتوں تک
جاری رکھے۔ انشاء اللہ رزق حلال میں فراوانی ہوگی اور خیر وبرکت کی دولت
سے بھی سرفراز ہوگا۔

فتوحات کثیر کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ فتوحات کی دولت سے سرفراز ہو اور کامیابیاں
اس کے قدم چومیں تو اس کو چاہئے کسی نوچندی بدھ گذرنے کے بعد جو رات آتی
ہے اس میں یہ عمل کرے۔ رات کو غسل کرے، اس کے بعد عشاء کی نماز پڑھے
اور عشاء کے بعد سنتوں کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ
پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الم نشرح گیارہ مرتبہ اور دوسری رکعت
میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے
کے بعد سرکار دو عالم ﷺ اور حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو اس کا ثواب
پہنچائے۔ پھر چوکڑا مار کر بیٹھ جائے اور ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح پڑھے کہ
اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور کلمۂ تمجید پڑھے اس کے بعد وتر
پڑھے۔ پھر کسی سے بات کئے بغیر سو جائے۔ اگلے دن نوچندی جمعرات ہوگی،
اس دن کا روزہ رکھے اور نماز فجر کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے،
اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ نماز ظہر، نماز عصر، نماز مغرب کے بعد
تین تین مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے،
عشاء کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ
درود شریف پڑھے۔ یہ ایک سال میں ہر نوچندی جمعرات کو کرنے۔ ایک سال
میں یہ عمل ۱۲ مرتبہ ہوگا۔ انشاء اللہ اس کے بعد اس قدر فتوحات ہوں گی اور اس
قدر کامیابیاں ملیں گی کہ عقل حیران ہوگی، ایک سال گذرنے کے بعد روزانہ
ایک مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرنے کا معمول رکھے۔

کسی خاص حاجت کے لئے

اگر کسی کی کوئی خاص حاجت ہو اور وہ حاجت کسی طرح پوری نہ ہو پا رہی ہو تو اس عمل کو مکمل تنہائی میں کرے۔ نوچندی جمعرات سے اس عمل کی شروعات کرے۔ عشاء کے بعد غسل کرے، سفید کپڑے کا احرام باندھے اور دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ۳ بار پڑھے۔ نماز پڑھ کر اس کا ثواب سرکار دو عالم ﷺ کے توسط سے بزرگان چشت کو پہنچائے پھر قبلہ رو دوزانو کر بیٹھے اور ۱۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ اول و آخیر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اپنی حاجت کے لئے دعا کرے۔ اس عمل کو ۴۰ راتوں تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ جو بھی حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

نماز کی طرف رغبت پیدا ہونا

اگر کوئی شخص نماز میں غفلت برتتا ہو یا نماز پڑھنے میں تساہل سے کام لیتا ہو تو اس کو چاہئے کہ روزانہ سورۂ مزمل کی تلاوت کیا کرے۔ اگر یہ عمل دوسروں کے لئے کریں تو روزانہ ۳ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے انہیں پلائیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے نماز کی طرف طبیعت راغب ہوگی اور نماز کی پابندی کی عادت پڑے گی۔

جوڑوں کے درد کے لئے

اگر کسی کو جوڑوں کے درد کی شکایت ہو تو روغن زیتون پر ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر دیں، اول و آخیر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اس تیل کو روزانہ درد کی جگہ لگائیں اور ہلکی ہلکی مالش کریں۔ انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر

جوڑوں کے درد سے نجات مل جائے گی۔

کسی بھی مرض سے جلد نجات کے لئے

اگر کوئی شخص کسی موذی بیماری میں مبتلا ہو اور جلد از جلد اس سے نجات حاصل کرنے کا خواہش مند ہو تو اس نقش کو اپنے گلے میں ڈالے اور یہی نقش روزانہ طشتری پر گلاب و زعفران سے لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر پیا کرے۔ ۷ روز تک یہ طشتری پییں، انشاء اللہ بیماری سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

رجعت وگردش کے لئے

اگر کوئی شخص رجعت یا بددعا یا گردش لیل ونہار کا شکار ہو اور اس کے ہر کام میں رکاوٹ پڑتی ہو اور اس قدر بدحالی، کس مپرسی میں مبتلا ہو کہ جس کی وجہ سے وہ معاشرے میں اور دنیا والوں کی نظروں میں قابل رحم بن کر رہ گیا ہو تو اس کو چاہئے کہ بعد نماز عشاء ۳۱۳ مرتبہ سورۂ مزمل کی اس آیت کا ورد کریں۔

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ اس ورد کو ۴۰ دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ رجعت ونحوست اور گردش لیل ونہار سے نجات ملے گی۔ اور اگر کسی کی بددعاؤں کی وجہ سے آفتیں برس رہی ہوں گی تو ان آفتوں سے بھی انشاء اللہ نجات مل جائے گی۔ اس آیت کا نقش بھی مصائب و آلام سے محفوظ

رکھنے میں اور نجات دلانے میں تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ نقش یہ ہے۔ اس کو فیروزی رنگ کے کپڑے میں یا نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۳۵۸	۳۶۱	۳۶۴	۳۵۰
۳۶۳	۳۵۱	۳۵۷	۳۶۲
۳۵۲	۳۶۶	۳۵۹	۳۵۶
۳۶۰	۳۵۵	۳۵۳	۳۶۵

قوتِ حافظہ کے لئے

جو بچے قرآن حکیم حفظ کر رہے ہوں اور ان کو یاد کرنے میں دشواری محسوس ہوتی ہو تو ان کے گلے میں یہ نقش ڈالیں۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے ان کی قوت حافظہ میں اضافہ ہوگا اور ان کو سبق آسانی سے یاد ہوگا۔ اس نقش کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۳۹۲	۳۹۶	۳۹۹	۳۸۵
۳۹۸	۳۸۶	۳۹۱	۳۹۷
۳۸۷	۴۰۱	۳۹۴	۳۹۰
۳۹۵	۳۸۹	۳۸۸	۴۰۰

مہلک امراض کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مہلک بیماری میں مبتلا ہو اور کسی بھی علاج سے اس کی تندرستی بحال نہ ہو رہی ہو تو اس شخص کے گلے میں یہ تعویذ ڈالیں اور ایک عدد تعویذ اس کے گھر میں لٹکا دیں۔ دونوں ہی تعویذ کالے رنگ کے کپڑے میں پیک ہوں گے۔ اگر مرض شدید ہو تو اس کو پینے کے تعویذ بھی دیئے جائیں اور ان کی تعداد حسب ضرورت رکھیں۔ گلے میں یہ تعویذ ڈالیں۔

۷۸۶

۳۸۴	۳۸۷	۳۹۰	۳۷۶
۳۸۹	۳۷۷	۳۸۳	۳۸۸
۳۷۸	۳۹۲	۳۸۵	۳۸۲
۳۸۶	۳۸۱	۳۷۹	۳۹۱

پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔

۷۸۶

۵۱۳	۵۰۸	۵۱۶
۵۱۵	۵۱۲	۵۱۰
۵۰۹	۵۱۷	۵۱۱

ان نقوش کو باوضو لکھا جائے۔ پینے والے نقوش گلاب وزعفران سے لکھے جائیں۔ گلے والے نقش کو کالی روشنائی سے بھی لکھ سکتے ہیں۔ یہ نقوش ان ہی لوگوں کو فائدہ دیں گے جو کلام الٰہی پر یقین رکھتے ہوں۔

خواب میں کوئی جگہ دیکھنا

اگر کسی مقام کو خواب میں دیکھنے کی خواہش ہو تو رات کو عشاء کے بعد نناوے مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اس مقام کا تصور کر کے سو جائیں، انشاء اللہ وہ مقام خواب میں صاف طور پر دکھائی دے گا۔ سورۂ مزمل پڑھنے کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جانا چاہئے تب ہی اس عمل میں کامیابی ملے گی۔

جادو کا علاج

اگر کسی شخص پر جادو ہو تو سورۂ مزمل ۷ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں، اسی پانی کو اگر مسحور کے چہرے اور سینے پر ملیں تو بہتر ہے۔

دفینے کی جگہ معلوم کرنے کے لئے

اگر دفینہ کی جگہ معلوم کرنی ہو تو عشاء کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کریں، اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار ۵۰ دن تک کریں۔ اس عمل کو کرتے وقت حصار ضرور کر لیں، اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ لیں، انشاء اللہ اس دوران یا آخری دن چار سیاہ پوش آئیں گے اور السلام علیکم کہیں گے، اس کے بعد پوچھیں گے کہ اے آدم کے بیٹے! تم کیا چاہتے ہو؟ ان سے پوچھیں کہ فلاں جگہ دفینہ ہے اس کی نشاندہی کر کے غائب ہو جائیں گے، حسب استطاعت شیرینی تقسیم کر کے اس جگہ جا کر جہاں نشاندہی کی گئی ہے کارروائی کرے۔ انشاء اللہ دفینہ بہت آسانی سے باہر آ جائے گا۔ اس عمل کو حصار کئے بغیر نہ کریں ورنہ رجعت یا کسی نقصان کا

اندیشہ رہے گا اور اس عمل کو پوری رازداری کے ساتھ کریں۔ انشاء اللہ بھرپور کامیابی ملے گی۔

جن کو مسخر کرنا

اگر جن کو مسخر کرنا ہو تو سورۂ مزمل روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں اور لگاتار ۴۰ دن تک پڑھیں، روزانہ اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ جن مسخر ہوگا۔ اس عمل کے دوران پرہیز جلالی اور ترکِ حیوانات ضروری ہے۔ پرہیز کے بغیر کامیابی نہیں ملے گی۔

غیب سے فتوحات حاصل کرنا

جو شخص یہ چاہے کہ اس کو غیب سے فتوحات حاصل ہوں اور اس کی ہر مشکل آسان ہو جائے تو عروج ماہ میں باوضو ہو کر دو رکعت نفل نماز ادا کرنے کے بعد ۲۱ مرتبہ کٓہٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا پڑھے پھر ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، اس کے بعد ۲۱ مرتبہ حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا پڑھے پھر مندرجہ ذیل نقش ۲۱ بار لکھے، اس عمل کو ۲۱ دن تک جاری رکھے۔ ۲۲ ویں دن اس عمل کو اسی طرح کر کے ۲۲ نقش لکھے اور انہیں آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ جو نقش سب سے آخر میں لکھے اس کو اپنے بازو پر باندھ لے۔ باقی ۲۱ نقش دریا میں ڈال دے۔ انشاء اللہ غیب سے زبردست مدد حاصل ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۲۳	۲۸
۲۹	۲۵	۲۱
۲۲	۲۷	۲۶

دشمن سے بچاؤ کے لئے

اگر کسی دشمن کے سامنے کسی وجہ سے جانا ہو اور اندیشہ اس بات کا ہو کر دشمن نقصان پہنچائے گا یا ذلیل کرنے کی کوشش کرے گا تو سورۂ مزمل ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے، اس کے بعد دشمن کے روبرو چلا جائے، انشاء اللہ دشمن کی زبان بند رہے گی اور وہ ایک حرف بھی اپنی زبان سے نہ نکال سکے گا۔ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

روزگار کے لئے

کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنے روزگار کے لئے بھرپور کوشش کرتے ہیں، ان کی بھاگ دوڑ مسلسل جاری رہتی ہے لیکن اس کے باوجود ان کا روزگار ہمیشہ متأثر ہی رہتا ہے وہ انتھک محنت کرنے کے باوجود غربت وافلاس کا شکار ہی رہتے ہیں۔ ایسے لوگ اگر سورۂ مزمل کی آیت يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ کا ورد صبح شام تین سو مرتبہ کرنے کا معمول بنائیں تو ان کے روزگار میں اللہ کے فضل سے استحکام پیدا ہو سکتا ہے۔ اس آیت کا نقش معیشت کو مضبوط اور مستحکم کرنے میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس آیت کے دو نقش بنانے چاہئیں۔ ایک نقش پر اپنا نام مع والدہ لکھ کر کسی پھل دار درخت پر لٹکادیں اور دوسرا نقش اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔

انشاء اللہ کچھ ہی دنوں میں مالی پریشانیاں دور ہوں گی۔ اور رزق کے دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۲۵	۶۲۹	۶۳۲	۶۱۸
۶۳۱	۶۱۹	۶۲۴	۶۳۰
۶۲۰	۶۳۴	۶۲۷	۶۲۳
۶۲۸	۶۲۲	۶۲۱	۶۳۳

برائے فلاں ابن فلاں

ثابت قدم رہنے کے لئے

اس دنیا میں جب سے یہ دنیا بنی ہے، حق وباطل کی کشمکش اور معرکہ آرائی جاری ہے۔ کچھ لوگ اس دنیا میں مثبت کام کر رہے ہیں اور کچھ لوگوں کا رول منفی ہے۔ کچھ لوگ اللہ کی رضا کے لئے جدوجہد میں مصروف ہیں اور کچھ لوگ شیطان کے مشن کو فروغ دینے میں مصروف ہیں۔ جو لوگ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہیں اور حق کی خاطر ہر موقعہ پر سینہ سپر رہتے ہیں انہیں بہت سی دشواریوں اور کٹھنائیوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ کبھی کبھی ناگفتہ بہ حالات کی وجہ سے ان کے قدم بھی ڈگمگا جاتے ہیں۔ حق وباطل کی معرکہ آرائی میں ثابت قدم رہنے کے لئے اس نقش کو اپنے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ اس کے بعد حالات کا کوئی بھی تھپیڑہ متزلزل نہیں ہونے دے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷،۱۲

۴۲۹	۴۳۲	۴۳۵	۴۲۲
۴۳۴	۴۲۳	۴۲۸	۴۳۳
۴۲۴	۴۳۷	۴۳۰	۴۲۷
۴۳۱	۴۲۶	۴۲۵	۴۳۶

عبادت و توفیق کے لئے

اس دنیا میں اللہ کی عبادت کی توفیق اللہ ہی کی طرف سے ملتی ہے۔ بندے کا اپنا کوئی کمال نہیں ہے۔ جو لوگ نماز اور زکوٰۃ میں کوتاہی برتتے ہوں ان کے لئے یہ نقش مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو گلے میں ڈالیں اور اللہ سے نماز و زکوٰۃ کی توفیق بھی طلب کرتے رہیں۔ انشاء اللہ نماز کی پابندی کی بھی توفیق نصیب ہوگی اور زکوٰۃ بروقت ادا کرنے کا جذبہ بھی دل میں پیدا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۹	۲۰۲	۲۰۵	۱۹۱
۲۰۴	۱۹۲	۱۹۸	۲۰۳
۱۹۳	۲۰۷	۲۰۰	۱۹۷
۲۰۱	۱۹۶	۱۹۴	۲۰۶

تنگ نظری سے نجات کے لئے

بخل ایک بہت بڑی بیماری ہے۔ بخل اللہ کو ناپسند ہے۔ بخل کے مقابلے میں سخاوت ایک ایسی صفت ہے جو اللہ کی رضا کا ذریعہ بنتی ہے۔ حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ بخل ایک ایسا درخت ہے جس کی جڑیں جہنم میں پھیلی ہوئی ہیں اور سخاوت ایک ایسا درخت ہے جس کی جڑیں جنت میں پھیلی ہوئی ہیں۔ جو لوگ بخل سے نجات پانے کے فکرمند ہوں اور یہ چاہتے ہوں کہ ان میں سخاوت اور فیاضی پیدا ہو تو وہ اس نقش کو اپنے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے تنگ نظری کوتاہ فکری اور بخل سے چھٹکارا ملے گا، طبیعت میں وسعت

اور فیاضی پیدا ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۹	۶۰۲	۶۰۶	۵۹۲
۶۰۵	۵۹۳	۵۹۸	۶۰۳
۵۹۴	۶۰۸	۶۰۰	۵۹۷
۶۰۱	۵۹۶	۵۹۵	۶۰۷

یہ بات یاد رکھیں کہ قرآنی سورتوں اور آیتوں کے نقوش کو باوضو تیار کرنا چاہئے۔ اور اس کے لئے صبح کا وقت زیادہ موزوں ہے۔ نقوش قبلہ رو ہو کر بنائیں اور جب آیت کا نقش تیار کر رہے ہوں اس آیت کریمہ کو کم سے کم سو مرتبہ پڑھ کر نقش پر دم کر دیں تاکہ اس کی تاثیر مسلم ہو جائے۔

سورۂ مزمل کے جو عمل اور نقوش پیش کئے جا رہے ہیں وہ روحانیت کا ایک قیمتی سرمایہ ہیں ان سے ایمان و یقین کے ساتھ استفادہ کریں اور قرآن حکیم کی تجلیات کو گھر گھر پھیلانے کی جدوجہد کریں۔

رزق میں اضافہ کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے اور ہر طرف سے رزق کے دروازے کھل جائیں تو اس کو چاہئے کہ نمازِ فجر کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۱۰۰۱ مرتبہ "یامغنی" پڑھیں، اس کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد نمازِ ظہر، نمازِ عصر، نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار

۴۰ دن تک کریں۔ انشاء اللہ رزق کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں گے۔

کسی بھی حاجت کے لئے

اگر کوئی ایسی حاجت درپیش ہو جو کسی بھی طرح پوری نہ ہو رہی ہو تو عروج ماہ میں یہ عمل شروع کریں۔ یہ عمل نمازِ ظہر یا نمازِ عشاء کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان کریں۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ۱۱ مرتبہ "یَا جَمِیْلُ" پڑھیں۔ اس کے بعد ۳۱ مرتبہ یہ پڑھیں: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ پھر ایک مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھیں ایک بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں، اس کے بعد ایک مرتبہ یہ درود پڑھیں: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَمْلٍ وَالْحَصٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْکَافِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ سَیِّدِنَا بِعَدَدِ الْمَطَرِ وَ جَمِیْعِ الْاَشْیَاءِ۔ اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کرے اور قَلِیْلًا کی دس بار تکرار کرے۔ جب وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ پر پہنچے تو ۳ بار تکرار کرے، اس کے بعد اپنی حاجت کا تصور کرے، جب وَ طَعَامًا ذَا غُصَّۃٍ وَّ عَذَابًا اَلِیْمًا تک پہنچے تو ۳ بار تکرار کرے۔ اس وقت بھی اپنی حاجت کا تصور رکھے۔ اس کے بعد جب وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ پر پہنچے تو ۲ بار تکرار کرے۔ اس کے بعد ایک بار یہ کلمات پڑھے: فَلَا تَخْبَتِیْ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ یَامَنْ یُقَدِّرُ الَّیْلَ النھار قَادِرٌ لِیْ بِقَضَاءِ حَاجَتِیْ فَاِنَّکَ قَادِرٌ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ یہاں اپنی حاجت کا دل میں خیال رکھے۔ جب

یَسْتَغْفِرُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ پر پہنچے تو ۳ بار تکرار کرے اور اپنی حاجت زبان سے طلب کرے کیوں کہ یہ مرحلہ اجابت کا ہے۔ جب کلمہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ پر پہنچے تو ۳ بار تکرار کرے، اس کے بعد ختم سورۃ پر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ الکریمۃ یاطُھُوجَ یَاعَیِیجَ یَاتَنَا شَادِیْبُ بحق کٓھٰیٰعٓصٓ و بحق حٰمٓعٓسٓقٓ و بحق نبوۃ محمد الرسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم الَّذِیْ سَمَّیْتَہٗ یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ وَ یٰاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ تُرْبِنِیْ یَاعَطُوْفُ بِرِدَاءِ لُطْفِکَ مِنْ عُیُوْنِ اِنَّھَا عَیْنَ اٰدَمَۃٍ مِنْ اَعْدَائِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اس طرح روزانہ ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اس عمل کو ۱۱ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

دشمن کی تباہی کے لئے

ظالم و فاسق دشمن کو تباہ کرنے کے لئے اتوار کے دن فجر کی نماز کے بعد باوضو ہو کر ۱۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی یہ آیت تلاوت کرے اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا اس کے بعد دشمن اور اس کی ماں نام ایک کاغذ پر لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔ دشمن تباہ ہو جائے گا۔

بانجھ عورت کے لئے

اگر کوئی عورت اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور بانجھ ہونے کی وجہ سے اس کے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو نوچندی جمعرات سے شروع کر کے لگاتار ۱۱ روز تک سورۂ مزمل کی یہ آیت ایک طشتری پر گلاب و زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پیا کریں۔ انشاء اللہ اسی مہینے حمل قرار پائے گا۔ آیت یہ ہے: اِنَّ نَاشِئَۃَ الَّیْلِ

هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا.

میاں بیوی کی محبت کے لئے

جو میاں بیوی ایک دوسرے سے جھگڑتے ہوں ان کو سورۂ مزمل ایک بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ دونوں میں محبت پیدا ہوگی۔ اگر لڑائیاں زیادہ ہوتی ہوں تو اس عمل کو ایک ماہ میں ۴۰ مرتبہ کریں۔

مسان سے نجات پانے کے لئے

کچے ریشم کے ۷ تار لے کر ان کو ایک جگہ کر کے ان پر ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر ۱۱ گرہ لگائیں، یعنی ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر گرہ کی گولائی میں دم کر کے گرہ لگا دیں، پھر اس ڈورے کو عورت کی کمر میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا اور بچہ ساتھ خیر و عافیت کے پیدا ہوگا۔ ریشم کے تار اگر سرخ رنگ کے ہوں تو بہتر ہے۔ اگر ریشم کے نہ ملیں تو ڈی ایم سی کے تار لیں۔

دشمن کی بربادی کے لئے

اگر کوئی دشمن کسی کو تباہ و برباد کرتا ہو اور ناحق پریشان کرتا ہو تو اس کو تباہ کرنے کے لئے عید الاضحیٰ کے دن مٹھی بھر مٹی پر سورۂ مزمل ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اس مٹی پر دم کر کے دشمن کے گھر میں پھینک دیں۔ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

حاکم کو مہربان کرنے کے لئے

اگر کوئی یہ چاہے کہ حاکم اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے اور اس کا جو کام ہے اس کو کر دے تو اس کو چاہئے کہ سورۂ مزمل ۳ مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے پھر اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرے پر اور اپنے سینے پر مل لے۔

اس کے بعد حاکم کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ حاکم مہربانی کے ساتھ پیش آئے گا اور کام کرائے گا۔

مشکلات سے نجات پانے کے لئے

اگر کوئی شخص مشکلات کا شکار ہو اور مشکلات کی وجہ سے اس کی زندگی اجیرن بن چکی ہو تو اس کو چاہئے کہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد ۳ مرتبہ یہ آیت پڑھے وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ اس کے بعد ۱۴ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، آخر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ تمام مشکلات سے نجات ملے گی۔

تسخیر خلائق کے لئے

مخلوقات کو مسخر کرنے کے لئے باوضو ہو کر قبلہ رو بیٹھیں اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں۔ جب اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا پر پہنچیں تو چند لمحے کے لئے سکوت کریں اور تسخیر خلائق کا تصور کر کے سورۂ مزمل کو ختم تک پڑھ لیں، اس کے بعد ۱۲۸ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں اور ۱۲۸ مرتبہ یہ پڑھیں۔ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا عَزِیْزُ اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مخلوقات مسخر ہوں گی۔

استخارہ کے لئے

کسی بھی معاملہ میں استخارہ کرنا ہو تو نمازِ عشاء کے بعد دو رکعت نفل ادا کر کے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اور سلام کے بعد ۱۲ مرتبہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ پھر ۱۰۸ مرتبہ یہ پڑھیں یَا اَللّٰہُ

یَا عَالِمُ عَالِمُ مَافِی قَلْبِی و مُعِیْنٌ فِیْہِ اس کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جائے انشاء اللہ پہلی ہی رات میں صحیح جواب ملے گا۔ ورنہ دوسری، تیسری رات میں لازماً رہنمائی ہو جائے گی۔

ناقدری سے بچنے کے لئے

اگر کوئی شخص ناقدری کا شکار ہو اور سب کچھ کرنے کے بعد بھی اس کی عزت افزائی نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہئے کہ سورۂ مزمل کی اس آیت کو روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم. وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِنْ خَیْرٍ تَجِدُوْہُ عِنْدَ اللّٰہِ ھُوَ خَیْرٌ وَّاَعْظَمَ اَجْرًا. اور اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ چند ہفتوں ہی کے بعد وہ محسوس کرے گا کہ لوگ اس کے کارناموں کی قدر کر رہے ہیں اور اس کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ اس عمل کی شروعات اس وقت کریں جب چاند عروج پر چل رہا ہو یعنی چاند کی ۳ ؍تاریخ سے ۱۴ ؍تاریخ کے درمیان اور شروعات کرتے وقت چاند برج عقرب میں نہیں ہونا چاہئے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۰۷	۱۱۱۰	۱۱۱۳	۱۱۰۰
۱۱۱۲	۱۱۰۱	۱۱۰۶	۱۱۱۱
۱۱۰۲	۱۱۱۵	۱۱۰۸	۱۱۰۵
۱۱۰۹	۱۱۰۴	۱۱۰۳	۱۱۱۴

گناہوں سے بچنے کے لئے

اگر کسی شخص کا دھیان گناہوں کی طرف مائل رہتا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کو گناہوں سے معصیتوں سے نجات مل جائے اور اس کے اندر خوف خداوندی پیدا ہو تو اس کو چاہئے کہ صبح شام اس آیت کو سو مرتبہ پڑھے اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور مندرجہ ذیل نقش کو اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں اس کے دل میں خشیت الٰہی پیدا ہوگی۔ اور اس کا دل خطاؤں سے لرزنے لگے گا۔ عبادت وریاضت کا ذوق پیدا ہوگا اور اللہ کی نافرمانیوں سے بچنے کی توفیق عطا ہوگی۔

آیت یہ ہے: بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم. وَاسْتَغْفِرُ اللّٰہ

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۵۴	۴۵۸	۴۶۱	۴۴۷
۴۶۰	۴۴۸	۴۵۳	۴۵۹
۴۴۹	۴۶۳	۴۵۶	۴۵۲
۴۵۷	۴۵۱	۴۵۰	۴۶۲

اس نقش کو کالے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔

مصائب سے محفوظ رہنے کے لئے

دنیا کے مصائب سے محفوظ رہنے کے لئے اور اللہ کی طرف سے غیبی امداد حاصل کرنے کے لئے روزانہ اس آیت کا ورد سو مرتبہ کریں۔ اول و آخر تین تین

مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اور مندرجہ ذیل نقش کو دائیں بازو پر باندھیں۔ اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کریں۔ آیت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْم.

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۵	۴۱۸	۴۲۱	۴۰۷
۴۲۰	۴۰۸	۴۱۴	۴۱۹
۴۰۹	۴۲۳	۴۱۶	۴۱۳
۴۱۷	۴۱۲	۴۱۰	۴۲۲

سورۂ مزمل کی آیات کے یہ نقوش انتہائی مجرب اور زود اثر ثابت ہوتے ہیں لیکن ان کو استعمال کرتے وقت یہ یقین ہونا ضروری ہے کہ کلام الٰہی دنیا کی ہر شئے سے زیادہ متبرک اور موثر چیز ہے اور کلام الٰہی کے ذریعہ مالک حقیقی کی مدد سے بندہ بہت جلد بہرہ ور ہوتا ہے۔ یقین ہی سب سے بڑی نعمت ہے۔ کچھ لوگ یقین سے محروم ہوتے ہیں یا جو لوگ تردد یا تذبذب کا شکار ہوتے ہیں وہ کلام الٰہی کی برکتوں سے سرفراز نہیں ہو پاتے۔

ان نقوش کو بناتے اور استعمال کرتے وقت یقین کا دامن تھامے رکھیں تب ہی مقصد میں کامیابی ملے گی۔

سورۂ مزمل کے جو عمل ہم پیش کر رہے ہیں یہ ایک گراں قدر روحانی دولت ہے، قدردان لوگ ان کی عظمتوں کو پہچانیں گے اور اس سے استفادہ کریں گے۔

تنگیٔ رزق کے لئے

رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد دس مرتبہ سورۂ مزمل کی یہ آیت پڑھیں اِنَّ لَكَ فِى النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا انشاءاللہ رزق کی تنگی کی شکایت نہ ہوگی اور رزق وافر مقدار میں ملنا شروع ہوگا۔

تمام حاجات کے لئے

اگر اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں تو چشمِ خلائق میں مقبول ہوں، بیماری سے نجات ملے، رزق میں خیر و برکت ہو، دیکھنے والے عزت کرنے پر مجبور ہوں، اگر اس نقش کو اپنے گھر میں لٹکا دیں تو گھر ہر طرح کی نحوست سے پاک ہوجائے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۷۲۶	۱۷۲۹	۱۷۳۲	۱۷۱۹
۱۷۳۱	۱۷۲۰	۱۷۲۵	۱۷۳۰
۱۷۲۱	۱۷۳۴	۱۷۲۷	۱۷۲۴
۱۷۲۸	۱۷۲۳	۱۷۲۲	۱۷۳۳

غلبۂ نفس سے محفوظ رہنے کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ وہ غلبۂ نفس سے محفوظ رہے تو اس کو چاہئے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرلیا کرے، انشاءاللہ تمام عمر غلبہ نفس سے محفوظ رہے گا، اس عمل کو اگر اس طرح کریں تو بہتر ہے سونے سے پہلے اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھیں، پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، پھر ۴۳ بار

آیت الکرسی پڑھیں، ۳؍بار تیسرا کلمہ پڑھیں، اس کے بعد سورۂ مزمل پڑھ کر
پھر ۱۱؍مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ نفس کی وسوسہ کاریوں سے اور اس
کے غلبے سے محفوظ رہیں گے۔

کسی چیز کے بارے میں معلومات حاصل کرنا

اگر کسی چیز کے بارے میں معلومات حاصل کرنی ہوں تو عشاء کی نماز
کے بعد ۳؍مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کریں اور کسی سے بات کئے بغیر
سو جائیں۔ انشاء اللہ اس چیز کے بارے میں مکمل معلومات خواب میں فراہم
ہوں گی۔

زبان بندی کے لئے

حاسدوں اور بدخواہوں کی زبان بندی کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد
ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دعا کرنے سے سارا دن حاسدوں کی اور بدخواہوں
کی زبان بند رہے گی، اگر اس عمل کو معمول بنالیں تو ہمیشہ دشمنوں کے بدزبانی
سے محفوظ رہیں۔

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

اگر کسی گھر میں جنات کے اثرات ہوں تو وہاں ۲۱؍مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ
کر پانی پر دم کردیں پھر اس پانی کو گھر کے سبھی کونوں میں چھڑک دیں، انشاء اللہ
جنات کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔

قضاءِ حاجت کے لئے

نوچندی جمعرات سے اس عمل کی شروعات کریں، بدھ گذرنے کے

بعد جو رات آتی ہے اس رات کو عشاء کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل نقش لکھ کر
اپنے سامنے رکھے اور سورۂ مزمل کی تلاوت ۱۱؍مرتبہ کرے۔ اول وآخیر
۱۱؍مرتبہ درود شریف پڑھے، جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے، اس آیت کی تکرار ۳؍بار کرے اور ۴۵۰
مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھے، عمل کے اختتام پر سجدہ میں جاکر
دعا مانگے، اس عمل کو ۱۱؍مرتبہ راتوں تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ جو بھی
حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

غیب سے مدد حاصل کرنا

مصائب، غربت وافلاس اور تہہ در تہہ مسائل سے نجات پانے کے لئے
روزانہ سورۂ مزمل کی ۳ مرتبہ تلاوت کرنی چاہئے۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی ضروریات
کے لئے غیب سے امداد ہوجایا کرے اور اس کے مسائل غیب کی امداد سے حل
ہوتے رہیں تو اس کو سورۂ مزمل کی تلاوت ایک خاص طریقہ سے کرنی چاہئے
اور وہ خاص طریقہ یہ ہے۔

سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ
آیت الکرسی پڑھیں۔ اس کے بعد سات مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ
ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت اس طرح
کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ۷ مرتبہ ایک ہی سانس میں يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ
پڑھیں۔ اس کے بعد ۳ مرتبہ زَمِّلْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ پڑھیں۔

اس کے بعد سورۂ مزمل کی آیات قُمِ اللَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ○ نِّصْفَهٗ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ○ ایک مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد سات مرتبہ یہ آیات قرآنی پڑھیں: وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ○

اس کے بعد پھر سورۂ مزمل کی یہ آیات ایک بار پڑھیں۔ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ○ اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ○ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ○ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ○ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ○

اس کے بعد ۱ مرتبہ یہ آیت قرآنی پڑھیں: رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○

اس کے بعد سورۂ مزمل کی یہ آیات ایک بار پڑھیں۔ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ○ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ○ اِنَّ لَدَيْنَا اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ○ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ○ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ○ اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا اَرْسَلْنَا اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ○ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ○ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبَا ○ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ○ اِنَّ هٰذِهٖ

تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ○

اس کے بعد ۱ مرتبہ یہ آیات پڑھیں۔ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○

اس کے بعد سورۂ مزمل کی یہ آیات ایک بار پڑھیں: اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ○

اس کے بعد یہ آیت ۱ مرتبہ پڑھیں: اَلَا اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ○

اس کے بعد سورۂ مزمل کی یہ آیت پڑھیں: وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

اس کے بعد ۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدے میں جا کر یہ دعا پڑھیں۔ اَللّٰهُمَّ يَا مُفَتِّحُ فَتِّحًا وَّيَا مُسَبِّبُ سَبِّبًا وَيَا مُفَرِّجُ فَرِّجًا وَيَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ وَيَا مُيَسِّرُ يَسِّرْ وَيَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ وَيَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ بِالْخَيْرِ. ۴۰ دن تک اس طرح پڑھنے کے بعد عمر بھر سورۂ مزمل صرف ایک مرتبہ تلاوت کرتے رہیں۔ انشاء اللہ غیب سے مدد ہوتی رہے گی۔ مندرجہ ذیل نقش کو گلے میں ڈال لیں۔

قرآن حکیم میں سورۂ مزمل کو سامنے رکھ کر زیر زبر میں اگر کوئی غلطی ہوگئی ہوتو قارئین تصحیح فرمالیں اور صحیح تلفظ کے ساتھ اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ بے شمار فائدے ہوں گے اور غیب سے زبردست مدد ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۱۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

چشم خلائق میں مقبول ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہوجائے جہاں بھی جائے لوگ اس کی عزت وتکریم کرنے پر مجبور ہوں تو ہر روز نمازِ فجر کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل کی یہ آیت پڑھنے کا معمول بنائیں اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَ نِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَار اول وآخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد جہاں جائے عزت ہوگی اور لوگ حسنِ اخلاق کا مظاہرہ کرنے پر مجبور رہیں گے۔

غربت سے نجات کے لئے

اگر نمازِ مغرب کے بعد کوئی شخص اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھنے کی عادت بنا لے تو اس کو غربت وافلاس سے نجات مل جائے۔ آیت یہ ہے: رَبُّ الْمَشْرِقِ

وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا اول وآخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں

نامردی کا علاج

بعض لوگوں میں قوت باہ کی کمی ہوتی ہے اس کمی کو دور کرنے کے لئے نمازِ عشاء کے بعد سورۂ مزمل کی یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھیں: اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ قوت باہ کی کمی دور ہوجائے گی اور مردانگی بحال ہوجائے گی۔

دشمن کو پریشان کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کا کوئی جانی دشمن ہو اور ہر وقت وہ درپے آزار رہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اپنے دشمن کو پریشان کرنے کے لئے یہ عمل کریں، گیندے کے سات پھول لائے اور سنیچر کے دن ان پھولوں کو لے کر قبرستان جائے اور ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھے: فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبَا السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا پڑھنے کے بعد ساتوں پھولوں پر دم کردے پھر ان میں سے ۳ پھول دشمن کے مکان کی مشرق کی طرف اور ۳ پھول دشمن کے مکان کی جنوب کی طرف ڈال دے اور ایک پھول لاکر اپنے گھر میں رکھ لے۔ انشاء اللہ دشمن پریشان اور تباہ ہوجائے گا۔

اگر مذکورہ آیت پڑھنے کے ساتھ ساتھ ایک ہزار مرتبہ یہ بھی پڑھ کر دم کرے تو مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ملے گی: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه قهارٌ جبارٌ وَالسلطانُ الْمُرتَضٰی ستارٌ.

وسعت رزق کے لئے

رزق حلال میں اضافے کے لئے یہ عمل کرے، یہ عمل بزرگوں کا آزمودہ

عمل سے اور اس عمل سے رزق حلال میں زبردست اضافہ ہوتا ہے اور خوب خیر و برکت ہوتی ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ درود پڑھیں، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھے پھر ایک مرتبہ مزید درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے۔ اس کے بعد ۲۵ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيل پڑھے پھر ۲۵ مرتبہ یہ پڑھے حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ انشاء اللہ رزق میں زبردست اضافہ ہوگا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

اگر کوئی شخص مقروض ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی سبیل نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ سورۂ مزمل کی تلاوت روزانہ ۴۰ مرتبہ پڑھے اور اول و آخر ۴۰ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کرے۔ انشاء اللہ قرض سے نجات مل جائے گی اور غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

سوکنوں کی لڑائی کے لئے

اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور دونوں ہر وقت اس قدر لڑتی ہوں کہ مرد کا ناک میں دم ہو گیا ہو تو ان دونوں کی لڑائی ختم کرنے کے لئے ایک کاغذ پر سورۂ مزمل گلاب و زعفران سے لکھے، پھر اس کو صاف پانی میں گھول دے۔ ۲۴ گھنٹے اس کاغذ کو پانی میں پڑا رہنے دے، پھر اس پانی میں تھوڑی سی شکر ملا دے اور مکئی کا آٹا اس پانی سے گوندھے اور روٹی پکا کر دونوں بیویوں کو کھلا دے۔ اس عمل کو ایک ایک مہینے میں ۴ جمعراتوں کو کرے۔ انشاء اللہ دونوں کی لڑائی ختم ہو جائے گی اور دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گی۔

جلد شادی کے لئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو ہر فرض نماز کے بعد ۳ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ بہت جلد شادی طے ہو جائے گی۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن کرنے کے بعد اللہ کی رحمت کا انتظار کرے۔

بدقسمتی دور کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ محسوس کرتا ہو کہ وہ بدنصیب ہے یا اس کی قسمت پر تالے پڑے ہوئے ہیں، اس کے کام نہ بنتے ہوں اور اس کو ہر جگہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر روز عشاء کی نماز کے بعد سورۂ مزمل کی یہ آیت سو مرتبہ پڑھے وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور اس آیت کا نقش ہرے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ ۴۰ دن کے اندر اندر اس کو یہ محسوس ہوگا کہ اس کی بگڑی بن رہی ہے اور اس کی مشکلات آسانیوں میں بدل رہی ہیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۱	۵۹۴	۵۹۷	۵۸۳
۵۹۶	۵۸۴	۵۹۰	۵۹۵
۵۸۵	۵۹۹	۵۹۲	۵۸۹
۵۹۳	۵۸۸	۵۸۶	۵۹۸

مصائب سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص مصائب کا شکار ہو تو ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے ایک کاغذ پر قارون کے ایک کاغذ پر فرعون لکھے اور ایک کاغذ پر ابلیس لکھے۔ الگ الگ کاغذوں پر لکھے اس کے بعد تقریباً ۳ ر بوتل پانی لے کر چولہے پر رکھ دے اور تینوں کاغذ پانی میں ڈال دے اور جس وقت یہ پانی پک رہا ہو اس وقت سورہ مزمل کی یہ آیت إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کرے۔ اس کے بعد وہ پانی جنگل میں کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے اور کاغذ بھی وہیں دبا دے پھر اس آیت کا نقش اپنے گلے میں ڈالے، اس کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کرے۔ انشاء اللہ مصائب سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷۸	۵۸۱	۵۸۵	۵۷۱
۵۸۴	۵۷۲	۵۷۷	۵۸۲
۵۷۳	۵۸۷	۵۷۹	۵۷۶
۵۸۰	۵۷۵	۵۷۴	۵۸۶

اگر اس عمل کو منگل کے دن کریں گے تو جلد نتائج سامنے آئیں گے، منگل کے دن پہلی ساعت میں نقش لکھیں اور زوال کے وقت پانی درخت کی جڑ میں چھڑکیں۔

دشمن کی ہلاکت کے لئے

ظالم دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے ہر روز نماز عشاء کی سنت اور فرض کے درمیان گیارہ مرتبہ اس طرح عمل کرے جب سورۂ مزمل پڑھتے پڑھتے آیت مبارکہ أَشَدُّ وَطْأً پر پہنچے تو ۱۰ ر مرتبہ یہ کہے کہ الٰہی فلاں ابن فلاں رادافع شود پھر جب وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ پر پہنچے تو ۱۰ ر مرتبہ یہ کہے کہ الٰہی فلاں ابن فلاں رابستہ گردان و دل او بسوئے من گردان پھر جب وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ پر پہنچے تو ۱۰ ر مرتبہ یہ کہے کہ فلاں ابن فلاں پراگندہ شود۔ اس کے بعد جب آیت مبارکہ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ پر پہنچے تو کہے فلاں ابن فلاں را ہلاک گرداں بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ انشاء اللہ اس عمل کی وجہ سے دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا لیکن اس طرح کے عمل بہت ہی ناگزیر حالات میں کرنے چاہئیں۔ خوامخواہ کسی کو پریشان کرنے سے اپنی دنیا اور آخرت دونوں برباد ہو سکتی ہیں۔

امتحان میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی طالب یہ چاہتا ہو کہ وہ امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے پاس ہو تو اس کو چاہئے کہ ۳ ر مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اور اول و آخر ۳/۳ ر مرتبہ درود شریف پڑھے اور امتحان میں کامیابی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے پاس ہو جائے گا۔

رنج وغم سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص کسی رنج اور غم میں مبتلا ہو اور کسی بھی طرح صبر وقرار نہ آ رہا ہو تو

اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد ۵ رمرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول و آخیر ۱۱ رمرتبہ درود شریف پڑھے، اس کے بعد سجدے میں جا کر ۱۰۰ رمرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھے۔ انشاء اللہ دل کو سکون ملے گا اور صبر آئے گا۔

حاسدوں کے حسد سے بچاؤ کے لئے

اگر کوئی شخص حاسدوں کے حسد سے پریشان ہوں اور ان کی ہائے ہائے سے کاموں کے اندر رکاٹیں پیدا ہو رہی ہوں تو اس کو چاہئے کہ نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۂ مزمل ایک بار پڑھے، اوّل و آخر ۷ رمرتبہ درود شریف پڑھے اور حاسدوں کے حسد سے بچنے کی دعا کرے۔ اس عمل کو ۲۱ رروز تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ حاسدوں کے حسد سے نجات مل جائے گی۔

سفر میں حفاظت

اگر کوئی شخص دور دراز کے سفر کے لئے روانہ ہو رہا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ دورانِ اس کو کسی طرح کی کوئی پریشانی نہ ہو وہ مصائب ناکامیوں سے اور حادثات سے محفوظ رہے تو سفر پر روانہ ہونے سے پہلے ۲ ررکعت نفل پڑھ کر ۲۱ رمرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اور اول و آخیر ۲۱ رمرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ وہ دورانِ سفر ہر طرح کی مصیبت اور آفت سے محفوظ رہے گا اور ناکامی کا دکھ بھی اس کے قریب نہیں پھٹکے گا۔

جن کے اثرات سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر جن کا اثر ہو تو سورۂ مزمل کی یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر

مریض پر دم کر دیں اور اس آیت کا نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ جن کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے: اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا.

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۰۲	۶۰۵	۶۰۹	۵۹۵
۶۰۸	۵۹۶	۶۰۱	۶۰۶
۵۹۷	۶۱۱	۶۰۳	۶۰۰
۶۰۴	۵۹۹	۵۹۸	۶۱۰

دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی شخص دشمن کی زبان درازی سے پریشان ہو گیا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ دشمن کی زبان بند ہو جائے تو منگل کے دن نماز جمعہ کے بعد یا پیر کا دن گذار کر عشاء کی نماز کے بعد ۷ رمرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اور دشمن کی قیام گاہ کا تصور کر کے پھونک مار دے اور یہ تصور کرے کہ دشمن کی زبان بند ہو گئی ہے۔ انشاء اللہ دشمن اس کے خلاف بولنے پر قادر نہیں ہو سکے گا۔

کسی بھی افسر کو مہربان کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ حاکم وافسر اس پر مہربان ہو جائے تو سورۂ مزمل کی تلاوت ۳ رمرتبہ کر کے اول و آخیر ۳/۳ رمرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مل لے، اس کے

بعد افسر سے ملاقات کے لئے جائے۔ انشاء اللہ افسر اس پر مہربان رہے گا اور
اس کی بات ماننے پر مجبور ہوگا۔

پاگل پن کا علاج

اگر کسی شخص کا دماغ خراب ہوگیا ہو اور وہ بہکی بہکی باتیں کرتا ہو یا پاگل
پن کی وجہ سے گم صم رہتا ہو تو اس کا علاج اس طرح کریں کہ ۱۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل
پڑھ کر (اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف کے ساتھ) پانی پر دم کرکے اس شخص کو
دن میں تین چار مرتبہ پلائیں اور اس پانی کی چھینٹیں اس کے چہرے پر بھی
ماریں۔ انشاء اللہ پاگل پن سے نجات ملے گی۔ اور دماغ ٹھکانے آجائے گا۔

مراد پوری ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کی کوئی خاص مراد ہو جو پوری نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہئے کہ
مغرب کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ اول وآخر ۷ مرتبہ درود
شریف پڑھے پھر سجدے میں جاکر دعا کرے۔ انشاء اللہ ۷ دن کے اندر اندر
مراد پوری ہوجائے گی، اس عمل کو ۷ دن تک جاری رکھنا چاہئے۔

کامیابی اور فتوحات کے لئے

کسی بھی مقابلہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے یا فتوحات حاصل
کرنے کے لئے یا امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی حاصل کرنے کے
لئے یہ عمل کریں۔ نمازِ فجر کے بعد مکمل تنہائی میں ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی
تلاوت کریں۔ اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد گیارہ
مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

"یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ
یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا فَاتِحَ الْاَبْوَابِ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یَا حَلَّ
الْمُشْکِلَاتِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَکْرَمَ
الْاَکْرَمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ"

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص ناحق گرفتار ہو اور اس کی ضمانت نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہئے کہ
پیشی سے ۷ دن پہلے یہ عمل کرے، ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل
پڑھے اور ہر بار سورۂ مزمل کی تلاوت کے اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے
پھر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرکے دونوں ہاتھ اپنے چہرے پر مل لے اور اپنی
رہائی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ رہائی نصیب ہوگی۔

بچے کا رونا اور ضد کرنا

اگر کوئی بچہ حد سے زیادہ روتا ہو یا حد سے زیادہ ضد کرتا ہو تو اس آیت
کو ایک بار پڑھ کر بچے پر دم کردیں اور اس آیت کا نقش بچے کے گلے میں
ڈالیں۔ انشاء اللہ بچہ رونے سے اور ضد کرنے سے باز آجائے گا۔ آیت یہ ہے:

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ
اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ.

نقش یہ ہے۔

اس نقش کو کالی روشنائی سے لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کرکے بچے کے
گلے میں ڈالیں۔ ڈورا بھی کالا ہی ہو تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹۹۷	۲۰۰۰	۲۰۰۴	۱۹۹۰
۲۰۰۳	۱۹۹۱	۱۹۹۶	۲۰۰۱
۱۹۹۲	۲۰۰۶	۱۹۹۸	۱۹۹۵
۱۹۹۹	۱۹۹۴	۱۹۹۳	۲۰۰۵

اگراس نقش کے گلے میں ڈالنے کے بعد رونا اور ضد کرنا نہ چھوڑے تو یہ نقش روزانہ ایک پانی میں گھول کر لگاتار ۲۱ردن تک پلائیں۔ انشاء اللہ بچہ بالکل ٹھیک ہوجائے گا رونا اور ضد بالکل چھوڑ دے گا۔

۷۸۶

۲۶۶۵	۲۶۵۹	۲۶۶۷
۶۶۶۶	۲۶۶۴	۲۶۶۱
۲۶۶۰	۲۶۶۸	۲۶۶۳

محبت میں دیوانہ وار بنانے کے لئے

کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے اور اس کو فریفتہ کرنے کے لئے ۷رچیزیں لیں: چینی، شہد، کھجور، کشمش، بادام، ناریل اور دودھ۔ ان سب کا وزن برابر ہو پھر ان میں سے ہر ایک چیز پر ۷رمرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کریں، ہر بار اول وآخیر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں، آخیر میں ۳رباریہ کہیں فلاں ابن فلاں فلاں ابن فلاں کی محبت میں دیوانہ ہوجائے اور اس کے بغیر اس کو قرار نہ آئے۔ اس کے بعد ان تمام چیزوں کو حلوے کی طرح پکالے اور مطلوب کو

کھلادے۔ انشاء اللہ ایسی محبت اس کے دل میں پیدا ہوگی کہ دیکھنے والے حیرت کریں گے۔ واضح رہے کہ اس طرح کے عمل صرف میاں بیوی یا بہن بھائی کے لئے کرنے چاہئیں۔ قرآن حکیم کی سورتوں یا آیتوں کا استعمال کسی ناجائز محبت یا ناجائز کام کے لئے نہیں کرنا چاہئے ورنہ گناہگار ہوگا اور آخرت برباد ہوجائے گی۔

غائب کو حاضر کرنا

اگر کسی کا دوست یا رشتہ دار طویل مدت سے لاپتہ ہو اور بالکل یہ اندازہ نہ ہو کہ وہ کہاں ہے؟ اس کا کوئی فون بھی نہ آتا ہو اور اس کے گھر والے اس کی جدائی کی وجہ سے پریشان ہوں تو یہ عمل کرنا چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد ۱۵۰رمرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اس کی واپسی کی دعا مانگے۔ اس عمل کو ۴۰ردن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ غائب دنیا میں کہیں بھی ہوگا اگر وہ ۷رسمندر پار بھی ہوگا تو حاضر ہوگا۔ اول وآخیر ۲۱رمرتبہ درود شریف پڑھیں روزانہ عمل کے بعد اس کی واپسی کی دعا کریں۔ انتہائی مجرب عمل ہے، اس عمل میں کبھی ناکامی نہیں ہوتی۔

تسخیر محبت کے لئے

اگر کوئی شخص کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنا چاہے تو اس کو چاہئے کہ پہلے اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد نکال کر ان کو جمع کرے، جتنی تعداد ہو اتنی بار سورۂ مزمل ایک جمعہ سے شروع کر کے دوسرے جمعہ کی شام تک پوری کرلے۔ مثلاً اگر نام کے کل اعداد ۲۸۸ ہیں تو جمعہ سے جمعہ تک ۲۸۸ مرتبہ سورۂ

مزمل کی تلاوت کرنی ہے، اتنی تعداد روزانہ کی مقرر کرے کہ ۸ دن میں ۲۸۸ رمرتبہ کی تعداد پوری ہوجائے۔ روزانہ اول وآخیر ۱۱ رمرتبہ درود شریف بھی پڑھے، ہر روز عمل کے بعد یہ دعا مانگے یامقلب القلوب قَلِّب قلب فلاں ابن فلاں۔ اگر یہ دعا ۳ رمرتبہ مانگے تو بہتر ہے۔ انشاء اللہ ۸ ردن میں مطلوب مسخر ہوجائے گا۔

رزق کی فراوانی کے لئے

اگر کوئی شخص رزق کی تنگی محسوس کرتا ہو تو اس کو چاہئے کہ نمازِ تہجد کے وقت تہجد سے فارغ ہونے کے بعد ۱۴ رمرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اور اول وآخیر ۱۴ رمرتبہ درود شریف پڑھے اور اس عمل کو ۴۰ ردن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ رزق میں خوب اضافہ ہوگا اور آمدنی میں خوب خیر وبرکت ہوگی۔

کسی بھی مہم کو حل کرنے کے لئے

کیسی بھی مہم ہو اس کو حل کرنے کے لئے سورۂ مزمل سجدے کی حالت میں ۳ ربار پڑھے، اول وآخر ۳ رمرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۱۱ ردن عمل کرنے سے مہم حل ہوگی اور عجیب وغریب طریقہ سے کامیابی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

مہلک مرض سے شفا کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مہلک مرض میں مبتلا ہو تو اس کو اس مرض سے نجات دلانے کے لئے سورۂ مزمل ایک سفید کاغذ پر لکھیں پھر سورۂ مزمل ۱۱ رمرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ پھر اس کو تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور روزانہ ایک

مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو یہ پانی دن میں ۳ ربار پلائیں۔ انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

دولت اور رتبہ حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص صاحب مال اور صاحب وقار بننے کا خواہش مند ہو تو جمعہ کے دن نمازِ جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل پڑھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی پابندی سے دولت بھی بڑھے گی اور عزت ووقار میں بھی زبردست اضافہ ہوگا۔

عہدے کی بحالی کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہوگیا ہو تو اس کو چاہئے کہ نمازِ فجر کے بعد اور نمازِ عشاء کے بعد ۷ رمرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول وآخیر ۷ رمرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنے عہدے کی بحالی کے لئے دعا کرے۔ اس عمل کو ۲۱ ردن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اسی دوران عہدہ بحال ہوگا اور پہلے سے بھی زیادہ عزت میسر آئے گی۔

چشم خلائق میں معزز ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ معاشرے میں اس کا ایک مقام ہو، دیکھنے والے اس کی عزت کرنے پر مجبور ہوں اس کو جو کوئی دیکھے وہ اس کا احترام کرے تو اس کو چاہئے کہ روزانہ نمازِ عصر کے بعد ۳ رمرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول و آخیر ۳ رمرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ وہ لوگوں کی نظروں میں محترم ہوجائے گا اور دیکھنے والے اس کو عزت دینے پر مجبور ہوں گے۔

میاں بیوی کی محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو تو ان کو ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار کرنے کے لئے صبح صادق کے وقت ۷ر مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کر کے صندل کی لکڑی پر دم کردیں اور آخیر میں یہ بھی کہیں کہ فلاں ابن فلاں علیٰ حب فلاں ابن فلاں بحرمۃ سورۂ مزمل۔ اس کے بعد اس لکڑی کو ایسی اونچی جگہ پر گاڑ دیں کہ اس پر سورج کی دھوپ پڑتی رہے۔ انشاء اللہ چند دنوں کے بعد دونوں کے مزاج بدل جائیں گے اور دونوں ہی ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔

زبان بندی کے لئے

کسی بدزبان دراز دشمن کی اگر زبان بند کرنی ہو تو کچے سوت کے ۱۱ر تار لیں اور اس کی رسی سی بنالیں، پھر اس پر ۱۱ر گرہ لگائیں اور ہر گرہ پر ۱۱ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرتے رہیں اور دشمن کی زبان بندی کا تصور کریں، آخیر میں یہ الفاظ زبان سے ادا کریں۔ زبان بند کردم فلاں ابن فلاں فلاں ابن فلاں۔ اس کے بعد ان تاروں کو دشمن کی چوکھٹ پر دفن کردے۔ انشاء اللہ دشمن کی زبان بند ہوجائے گی، اس کے بعد وہ ایک حرف بھی اپنی زبان سے نہیں نکال سکے گا۔

دو افراد میں جدائی ڈالنے کے لئے

اگر دو افراد میں ناجائز تعلقات قائم ہوں یا دونوں کے تعلقات سے لوگوں کو نقصان ہو تو ان میں جدائی ڈالنے کے لئے یہ عمل کریں کہ آٹے کی ۷ر گولیاں بنائیں اور ہر گولی پر ۷ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کریں، آخیر میں ہر گولی پر یہ کہہ کر دم کریں اللھم فرق بین فلاں ابن فلاں وفلاں ابن فلاں۔ اس

کے بعد ان گولیوں کو بوقت زوال کسی نہر میں ڈال دیں۔ ۳ر گولیاں ایک کنارے پر کھڑے ہو کر ڈالیں اور ۷ر گولیاں دوسرے کنارے پر کھڑے ہو کر ڈالیں۔ انشاء اللہ دونوں میں جدائی پیدا ہوگی۔

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

عشاء کی نماز کے بعد کھلے آسمان کے نیچے ننگے پیر اور ننگے سر کھڑے ہوں، ۲۱ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں، اول وآخر ۲۱ر مرتبہ درود شریف پڑھے اور مقدمہ میں کامیابی کے لئے دعا کریں۔ انشاء اللہ مقدمہ میں فیصلہ آپ ہی کے حق میں ہوگا۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر کسی عورت کے حمل ٹھہرنے کے بعد ضائع ہوجائے تو اس عورت کے گلے میں حمل ٹھہرنے کے ایک ماہ کے بعد یہ دونوں نقش لکھ کر ڈالیں اور یہ دونوں نقش آگے پیچھے ایک ہی کاغذ پر گلاب وزعفران سے ۴۰ر عدد لکھ لیں، نقش لکھنے کے بعد ۸۰ر سیاہ مرچ لیں اور ۱۴۱ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اول وآخیر ۱۱ر مرتبہ درود شریف کے ساتھ ان سیاہ مرچوں پر دم کردیں۔ روزانہ صبح شام سیاہ مرچ ایک عدد حاملہ کو لکھ کر اور نقش کو پانی میں گھول کر آدھا پانی صبح کو سیاہ مرچ کھلانے کے بعد پلادیں اور آدھا پانی حاملہ کو شام کو سیاہ مرچ کھلانے کے بعد پلادیں۔ انشاء اللہ حمل قائم رہے گا اور ساتھ خیر وعافیت کے بچہ پیدا ہوگا۔ ولادت کے بعد نقش عورت کے گلے میں سے اتار کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اور چلے کے بعد اسی نقش کو دوبارہ لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں۔

نقش یہ ہے۔ (پہلے کاغذ کی ایک طرف یہ نقش لکھیں)

بسم اللہ — الرحمٰن الرحیم

۱ ۴ ۶ ۳ ۱۰ ۷ ۲ ۵ ۹

اسی نقش کی پشت پر یہ نقش لکھیں۔

۷۸۶

۸	۱۱	۲۸۶	۱
۲۸۵	۲	۷	۱۲
۳	۲۸۸	۹	[illegible]
۱۰	۵	۴	۲۸۷

مفرور کی واپسی کے لئے

اگر کوئی شخص کسی کی کوئی چیز یا کسی کی بیٹی یا کسی کا بیٹا لے کر بھاگ گیا ہو اور یہ اندازہ نہ ہو کہ وہ کہاں ہے تو اس کی واپسی کے لئے یہ کرنا چاہئے کہ ۴۰ دانے سیاہ مرچ کے لے کر ایک ایک دانے پر ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر دیں اور جو شخص بھاگا ہے اس کی واپسی کا تصور کریں، عمل کے اختتام پر ۳ بار یہ کہیں کہ فلاں ابن فلاں واپس آجائے، اس کے بعد تمام سیاہ مرچیں دہکتی ہوئی آگ میں ڈال دیں۔ وہ آگ لکڑی کے کوئلوں کی ہونی چاہئے، گیس کے چولہے پر یا اسٹوپ پر نہ ڈالیں۔ انشاء اللہ مفرور جہاں بھی ہوگا فوراً واپس

آنے کی تیاری کرلے گا۔

مہم میں کامیابی کے لئے

اگر کسی مہم میں کامیابی کے لئے کوئی سفر درپیش ہو تو اس میں کامیابی حاصل کرنا مقصود ہو تو کمی کا آٹا گوندھ کر اس میں تھوڑی سی شکر یا بورا ملا کر ۳ روٹیاں تیار کرے، ہر ایک روٹی پر ۱۱/۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل اول و آخیر ۱۱/۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کردے، اس کے بعد ایک روٹی سفر پر جانے سے پہلے کھالے اور ایک روٹی اپنی ماں کو یا اپنی بیوی کو کھلادے اور اگر یہ دونوں نہ ہوں تو گھر کے کسی بھی فرد کو بہن یا بھائی کو کھلادے، اس کے بعد جب اس شہر میں پہنچے جہاں کام کرنا ہے تو ایک روٹی وہاں پہنچ کر کھالے اور ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں مقصد میں کامیابی مل جائے گی۔

حاکم کو مہربان کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص حاکم کے سامنے سے ڈرتا ہو لیکن حاکم کے سامنے اپنے کسی مقصد کے لئے ضروری بھی ہو تو جانے سے پہلے ۳ مرتبہ سورۂ مزمل اول و آخیر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، اس کے بعد ایک مرتبہ یہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا
يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ

الْعَلِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ فلاں ابن فلاں.

(یہاں اور اس کی ماں کا نام لے اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو اس کے عہدے کا ذکر کرے)، اس کے بعد حاکم کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ دیکھ کر مہربانی کا مظاہرہ کرے گا اور جو بھی مقصد ہوگا اس کو پورا کر دے گا۔

لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اور اچھے رشتے نہ آتے ہوں تو لڑکی کو چاہئے کہ جمعہ کے دن عشاء کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول وآخیر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنی شادی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ ۳ مرتبہ کے اندر اچھے لڑکے سے رشتہ طے ہو جائے گا۔

طاعون سے حفاظت کے لئے

اگر کسی شہر میں کوئی وبا پھیل رہی ہو تو اس وبا سے محفوظ رہنے کے لئے ایک کاغذ پر سورۂ مزمل لکھ کر اپنے گھر کے دروازے پر لٹکا دیں، ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر میں سب افراد کو پلا دیں۔ انشاء اللہ گھر اور گھر کے تمام افراد وبا سے محفوظ رہیں گے۔

والدین کو راضی کرنے کے لئے

اگر کسی کے والد، والدہ یا دونوں ناراض ہوں تو ان کو راضی کرنے کے لئے تہجد کی نماز کے بعد دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں مسلسل سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، نماز سے فارغ ہونے کے بعد ماں باپ کے راضی ہونے کے لئے دعا کرے، اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری

رکھے۔ انشاء اللہ دورانِ عمل ماں باپ راضی ہو جائیں گے اور وہ خود پیش رفت کریں گے اور شفقت و ممتا کا اظہار کرنے کے لئے حاضر ہوں گے۔

اولاد کی فرماں برداری کے لئے

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو جائے اور بات بات پر سرکشی کا مظاہرہ کرے تو اس کے ماں یا باپ کو یہ عمل کرنا چاہئے کہ نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد ۹ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اور پانی پر دم کر کے اس پانی کو اپنے بچوں کو پلائے۔ اس عمل کو ۹ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اولاد سرکشی سے باز آ جائے گی اور ماں باپ کی اطاعت کرنے لگے گی۔ جو بچے برائیوں میں مبتلا ہوں مثلاً چوری، جوا، بدکاری اور شراب نوشی جیسے گناہوں کا شکار ہوں ان کے لئے بھی یہ عمل کارگر ثابت ہوتا ہے۔

چوری کا مال

اگر کسی کا مال یا کوئی چیز چوری ہوگئی ہو تو بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے اور تینوں دن افطار سے کچھ دیر قبل ۳ مرتبہ سورہ مزمل کی تلاوت کرے، اول وآخیر ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اور تینوں دن دعا کرے۔ انشاء اللہ چوری کیا ہوا مال یا چیز واپس مل جائے گا۔

قرآن جلد حفظ ہو

اگر کوئی طالب علم یہ چاہتا ہو کہ وہ جلد از جلد قرآن حکیم حفظ کر لے اور قرآن اس کو یاد رہے تو ہر نماز کے بعد ۱۲۰ مرتبہ سورۂ مزمل کی یہ آیت پڑھا کرے وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيْلًا اور اس آیت کا نقش ہرے کپڑے میں پیک

کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۰۷	۵۲۱	۵۱۷	۵۱۴
۵۱۸	۵۱۳	۵۰۸	۵۲۰
۵۱۲	۵۱۵	۵۲۳	۵۰۹
۵۲۲	۵۱۰	۵۱۱	۵۱۶

دو دشمنوں میں صلح ہو جائے

جو شخص دو دشمنوں میں صلح کرانے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ ۴۰/دن کے اندر اندر ۱۱۴۰/مرتبہ سورۂ مزمل اگر تلاوت کرے گا تو بہتر ہوگا، روزانہ تلاوت کے بعد دونوں میں صلح ہو جانے کی دعا بھی کرے۔ اول و آخر روزانہ ۱۱/مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۴۰/روز کے اندر اندر دونوں میں صلح ہو جائے گی اور وہ خود ہی ایک دوسرے کی غلطیوں کو نظر انداز کر دیں گے۔

جنات تابع کرنے کے لئے

مکمل تنہائی میں ترکِ حیوانات کے ساتھ عشاء کی نماز کے بعد ۲۰۱/مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول و آخر ۲۱/مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۴۰/دن کے اندر اندر یا آخری دن جنات آ کر حکم بجالائیں گے اور اتباع کرنے کا عہد کریں گے۔ اس عمل کو پوشیدہ رکھ کر کرے اور کامیابی کے بعد بھی کسی پر ظاہر نہ کرے۔

کسی بھی مقصد میں کامیابی کے لئے

کوئی بھی جائز مقصد ہو اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے دو رکعت نماز نفل بہ نیت قضاء حاجات مغرب کے بعد اس طرح پڑھے کہ سورۂ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں ۱۰/مرتبہ سورۂ مزمل اور دو رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۵/مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور نماز کے بعد دعا کرے، اس عمل کو لگاتار ۷/دن تک کرے۔ انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ملے گی اور جو بھی حاجت ہوگی وہ پوری ہو جائے گی۔

آسیب بھگانے کے لئے

اگر کسی آسیب زدہ شخص پر آسیب حا [illegible] پریشان کر رہا ہو تو سورۂ مزمل پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں دم کر دے۔ انشاء اللہ آسیب بھاگ جائے گا۔ اگر سورۂ مزمل ۱۱/مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور دن میں ۲/بار آسیب زدہ کو پلائیں تو آسیب کو تکلیف ہوگی اور وہ دفع ہو جائے گا۔

فالج اور لقوہ کا علاج

اگر کسی شخص کو فالج ہو گیا ہو یا وہ لقوے کی بیماری میں مبتلا ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔ ۱۱/مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد ۱۴۱/مرتبہ سورۂ مزمل، ۱۴۱/مرتبہ سورۂ یٰسین اور ۱۴۱/مرتبہ سورۂ جمعہ پڑھیں ان کے ۱۱/مرتبہ درود شریف پڑھ لیں اور روغن زیتون پر دم کر دیں۔ یہ تیل مریض کے متاثر جگہوں پر لگا کر مالش کریں۔ انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر فالج اور لقوے سے نجات ملے گی۔

مشکلات اور مصائب سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص سخت ترین مشکلات کا شکار ہو تو ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے اس کو یہ عمل کرنا چاہئے کہ نمازِ فجر کے بعد ۶/بار سورۂ مزمل پڑھے، نمازِ ظہر کے بعد ۷/بار، نمازِ عصر کے بعد ۸/بار، نمازِ مغرب کے بعد ۹/بار اور نمازِ عشاء کے بعد ۱۱/بار سورۂ مزمل پڑھے۔ اول و آخیر درود شریف بھی پڑھے۔ اس عمل کو ۱۱/دن یا ۳۱/دن جاری رکھے۔ انشاء اللہ کیسی بھی مشکلات ہوں گی اور کیسے بھی مصائب ہوں گے ان سے نجات ملے گی۔ بعض اکابر نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس عمل کو عمر بھر جاری رکھے تو وہ فتوحات اور تسخیر کی دولتوں سے مالا مال ہو جائے گا۔

بخار سے نجات کے لئے

بخار سے نجات کے لئے سورۂ مزمل ۳/مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ بخار اتر جائے گا۔ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرنے سے بھی بخار رفع ہوگا لیکن بہتر یہ ہے کہ پانی پر دم کرکے مریض کو وقفے وقفے کے بعد پانی پلانا چاہئے۔

حاجت روائی کے لئے

کوئی بھی حاجت درپیش ہو سورۂ مزمل کی تلاوت اس طرح کرے کہ پہلے ۱۱/مرتبہ درود شریف پڑھے، پھر ۳/مرتبہ آیت الکرسی پڑھے، پھر ۳/بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْهِ. اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کرے، جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو اس آیت کی تکرار ۳/مرتبہ کرے، اس کے بعد اس آیت کے شروع میں "یا" کا اضافہ کرکے پھر ۳/مرتبہ اس آیت کی تکرار کرے۔ جب آیت وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ تک پہنچے تو اس آیت کی تکرار بھی ۳/بار کرے، اس کے بعد ۳/بار یہ پڑھے یَامَنْ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ قَدِّرْنِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ اِنَّكَ قَادِرٌ وَّ اَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ جب آیت یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ پر پہنچے تو ۳/بار اس کی تکرار کرے، اس کے بعد ۳/بار یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ مِنْ فَضْلِكَ ابْتَغَیْتُ وَ مِنْ فَضْلِكَ اَرْجُوْا اَفَلَا تَخْتَبِیْ یَاذَا الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ. سورۂ مزمل کی آخری آیت وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ کی تکرار بھی ۳/بار کرے پھر ۳/بار یہ دعا پڑھے: اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهٖ سُوْرَةِ الشَّرِیْفَةِ الْعَظِیْمَةِ وَ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ اَسْمَائِكَ الشَّرِیْفَةِ الْعِظَامِ یَاظَهِیْرَجُ یَاعَظِیْمُ یَاسَتَارِیْسُ یَاعَسِیْحُ یَا صَعْسِیْسُ بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ نِ الَّذِیْ سَمَّیْتَهٗ فِیْ کِتَابِكَ الْعَزِیْزِ یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ اَنْ تَرْمِنِیْ عَنْ عُیُوْنِ النَّاظِرِیْنَ وَالطَّاغِیْنَ وَالْحَاسِدِیْنَ مِنْ اَعْدَائِكَ وَاَعْدَائِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اس طرح ایک رات میں ۱۱/مرتبہ پڑھے اور ۱۱/دن تک اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

قوت گویائی کے لئے

اگر کسی کی زبان میں لکنت ہو تو اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد ۲۱/مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرکے پانی پر دم کرکے پی لیں اور اس عمل کو ۲۱/دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ لکنت کا اثر دور ہوگا اور گفتگو

میں روانی پیدا ہوگی۔

بے شمار فوائد کے لئے

اگر کوئی شخص نماز فجر کے بعد ۱۰۰ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول و آخیر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے، انشاء اللہ چند ہی ماہ میں وہ اسرار اس پر منکشف ہوں گے کہ عقل حیران ہوگی، اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کرے۔ انشاء اللہ الہام کی بارش شروع ہوگی۔ اس دوران جو اسرار قلب پر منکشف ہوں ان کو صیغۂ راز میں رکھے، کسی سے بیان نہ کرے۔

غیب سے روزی حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ روزی اس کو غیب سے ملتی رہے تو اس کو چاہئے کہ نہایت یکسوئی اور دلجمعی کے ساتھ یہ عمل کرے۔ یہ عمل ۳ چلوں میں پورا ہوگا، لیکن یہ چلہ ۲۲ دن کا ہوگا۔ اگر دوسرے اور تیسرے چلے کو ۳ دن کے وقفہ کے بعد شروع کرے تو افضل ہے۔ لیکن اگر لگاتار تینوں چلے ایک ساتھ کرے تو بھی ٹھیک ہے۔ تینوں چلے ۶۶ دن میں پورے ہوں گے، چلے کے لئے ایسی جگہ کا انتخاب کرے جہاں کسی کی آمد ورفت نہ ہو، جگہ پاک صاف ہو، آس پاس گندگی نہ ہو۔ نوچندی اتوار سے پہلا چلہ شروع کرنا ہے، چلوں کے دوران اس بات کی کوشش کرے کوئی نماز قضا نہ ہو۔ دورانِ چلہ کسی جگہ کوئی شیر نظر آئے تو ہرگز خوف نہ کرے۔ اگر شیر آکر اپنا منہ کھولے تو اس کے منہ میں کچھ نہ کچھ ڈال دے۔ روٹی، مٹھائی، ٹافی یا روپیہ پیسہ وغیرہ۔ اگر وہ خود سے منہ نہ کھولے تو منہ کھلوانے کی کوشش نہ کرے۔ دورانِ چلہ پرہیز

جمالی اور جلالی دونوں کرے اور اگر ترک حیوانات بھی کر لے تو بہتر ہے۔

چوں کہ سورۂ مزمل کا یہ عمل جو دستِ غیب کے لئے ہے باموکل ہے اس لئے اس میں ذرا سی بھی بد احتیاطی کسی بڑے نقصان سے یا رجعت سے دوچار کرے گی۔ دورانِ عمل احرام باندھے اور احرام کو خوشبوؤں سے معطر کرے نیز دورانِ عمل بخور روشن کرے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دن سورۂ مزمل باموکل ایک مرتبہ پڑھے، دوسرے دن ۲ مرتبہ پڑھے، تیسرے دن ۳ مرتبہ پڑھے، ہر روز ایک عدد کا اضافہ کرتا رہے، گیارہویں دن ۱۱ مرتبہ پڑھے۔ ۱۲ ویں دن ۱۰ مرتبہ پڑھے، ۱۳ ویں دن ۹ مرتبہ پڑھے۔ اب روزانہ ایک عدد کم کرتا رہے۔ آخری دن ایک مرتبہ پڑھے۔ عمل کے بعد احرام اتار کر رکھ دے اور نیا لباس پہن لے۔ تینوں چلے پورے ہونے کے بعد روزانہ ایک مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت ہمیشہ کرتا رہے۔ انشاء اللہ تینوں چلوں کے بعد غیب سے روزی ملے گی اور انشاء اللہ ہمیشہ ملتی رہے گی۔ عمل کے شروع اور آخیر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

سورۂ مزمل مع موکلات یہ ہے: یَااِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ شَمْطُوْطَتَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَهٗۤ اَوِانْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا یَااَللّٰهُ الرَّفِیْعُ جَلَالَهٗ یَااِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ مَعْلُوْسَ اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا اِنَّا سَنُلْقِیْ یَا وَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ خَمُوْنَا. عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ یَاتُوْمَائِیْل بِحَقِّ صَلْحُوْنَا اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا یَاتَنْكَفِیْلُ بِحَقِّ سُخْرَةَ اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا یَارَفْتَمَائِیْلُ

بِحَقِّ فَجرکُوْ وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا. رَبُّ الْمَشْرِقِ
وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَکِیْلًا یَاهَیُجَمَائِیْلُ یَاهَیُجَمَائِیْلُ
یَاهَیُجَمَائِیْلُ بِحَقِّ کَفْ کَفْ دَرْنَشْ خَشْدَ وَاصْبِرْ عَلٰی مَایَقُوْلُوْنَ
وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا. یَاجِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَسْتَطِیْعِ وَذَرْنِیْ
وَالْمُکَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَ مَهِّلْهُمْ قَلِیْلًا. اِنَّ لَدَیْنَا یَارُوْهَائِیْل یَاوَاه
اَنْکَالًا وَّ جَحِیْمًا وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِیْمًا یَاجِبْرَائِیْل بِحَقِّ
اَلْخَشَفُفُ یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَکَانَتِ الْجِبَالُ کَثِیْبًا مَّهِیْلًا
اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَیْکُمْ کَمَا اَرْسَلْنَا اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا.
فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّ بِیْلًا یَاکَلْکَائِیْل بِحَقِّ مُنْتَظِرُ
فَکَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ کَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا نِ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ
بِهٖ کَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا. یَاجَوْلَائِیْلُ بِحَقِّ دِیْنُوْنِی اِنَّ هٰذِهٖ تَذْکِرَةٌ فَمَنْ
شَاءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا یَارُوْمَائِیْلُ بِحَقِّ عَصَاجُوْا اِنَّ رَبَّكَ یَعْلَمُ
اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَ نِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِیْنَ
مَعَكَ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْکُمْ
فَاقْرَءُوْا مَاتَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ مِنْکُمْ مَرْضٰی فَلَا
تَخْنِیْنِی یَاذَالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ یَامَنْ قَدَّرَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ قَضَاءِ حَاجَتِی
فَاِنَّكَ قَادِرٌ عَلَیْنَا وَ اَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَاعِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ
لِتَرْغِنَنِی وَ اٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ
اٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (صلی اللہ علیہ وسلم) فَاقْرَءُوْا

مَاتَیَسَّرَ مِنْهُ وَ اَقِیْمُو الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوالزَّکٰوةَ وَ اَقْرِضُو اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا
وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ
اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُو اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ.

اس عمل کے دوران جو کچھ بشارتیں ہوں ان کو راز میں رکھے اور جو بھی روزینہ غیب سے جاری ہو اس کو بھی راز میں رکھے۔

پریوں کے بادشاہ کو طلب کرنا

نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک صاف لباس پہن لے اور خوشبو لگا کر کسی باغ میں جائے اور کسی ایک کونے میں بیٹھ کر سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو ساٹھ مرتبہ سورۂ مزمل اور ۷ مرتبہ سورۂ جن تصور دل میں رکھے، آخر میں ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ پریوں کا بادشاہ مع لشکر کے حاضر ہوگا اور حکم کی تعمیل کرے گا، اس بادشاہ کے ذریعہ کسی بھی غائب انسان کو طلب کیا جا سکتا ہے۔

بچہ زندہ رہے

بعض عورتوں کے بچے کم سنی ہی میں فوت ہو جاتے ہیں، اگر کسی عورت کو یہ مرض ہو کہ اس کا بچہ پیدا ہوتے ہی یا کچھ دنوں کے بعد مر جاتا ہو تو ایک چھالی ثابت لے کر اس پر ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر دیں اور اس چھالی کو کسی کپڑے میں تعویذ تیار کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بچہ طویل عمر پائے گا۔

سرکارِ دو عالم ﷺ کی خواب میں زیارت کے لئے

اگر کوئی شخص سرکارِ دو عالم ﷺ کو خواب میں دیکھنے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ جمعہ کی شب میں نمازِ عشاء کے بعد ۱۲ رکعت اس طرح پڑھے کہ میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل پڑھے، اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر کسی سے بات کئے بغیر پاک صاف بستر پر سو جائے۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات میں زیارت سے مشرف ہوگا۔

جن کو تابع کرنا

اگر کوئی شخص جن تابع کرنا چاہے تو وہ عشاء کی نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ اس آیت کو پڑھے، اول و آخر ۱۱ ر مرتبہ درود شریف پڑھے، ۴۰ ر دن تک اس عمل کو جاری رکھے۔ اس عمل کو ترک حیوانات ــــــ آخری دن جن حاضر ہوگا اور تابع ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے: يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا نِّصْفَهٗ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا. اس عمل کے دوران اس تعویذ کو گلے میں ڈالے رکھے۔

۷۸۶

۸۳۷	۸۴۰	۸۴۴	۸۳۰
۸۴۳	۸۳۱	۸۳۶	۸۴۱
۸۳۲	۸۴۶	۸۳۸	۸۳۵
۸۳۹	۸۳۴	۸۳۳	۸۴۵

آسیب زدہ کے علاج کے لئے

اگر کسی شخص پر آسیب سوار ہو اور اس کو پریشان کرتا ہو تو اس کو دفع کرنے

کے لئے یہ عمل کریں۔ ۳۱ ر دانے ثابت اڑد کے لے کر ہر ایک دانے پر ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کریں، پھر ان دانوں کو ایک ساتھ مریض کے اوپر سے اتار دیں، سر سے پیروں کی طرف، پھر ایک ایک کر کے ان دانوں کو جلتے ہوئے کوئلوں میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اسی وقت آسیب حاضر ہو کر بات کرے گا اور جب تک واپسی کی اجازت نہیں دی جائے گی وہ واپس نہیں جائے گا۔ جب اس سے وعدہ لے لیں کہ وہ آئندہ نہیں ستائے گا، اس کو واپس جانے کی اجازت نہ دیں اور سورۂ مزمل پڑھتے رہیں، اس سے اس کو اذیت پہنچے گی اور وہ نہ ستانے کا وعدہ کرے گا۔

ڈائن کی نظرِ بد کا علاج

کسی ڈائن یا بدروح کی اگر نظر لگ گئی ہو اور مریض کسی طرح نہ سنبھل رہا ہو تو ایک چھری پر اس پر ۱۴۱ ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر دیں، اول و آخیر ۷ ر مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد مریض ایسی جگہ کھڑا کریں جہاں اس کا سایہ پڑ رہا ہو، دن میں سورج کی روشنی میں کھڑا کریں اور رات کو چراغ کی روشنی میں اور مریض کے سائے پر یہ چھری نصف زمین میں گاڑ دیں، پھر مریض کو وہاں سے ہٹا لیں، چھری گڑی رہنے دیں۔ انشاء اللہ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ ۷ ر دن کے بعد چھری نکال لیں اور کہیں جنگل میں دبا دیں۔

روحانی قوت بڑھانے کے لئے

نمازِ عشاء کے بعد باوضو ہو کر بستر پر لیٹ جائے اور اپنی زبان کو تالو سے لگا لے اور دل ہی دل میں زبان کو حرکت دیئے بغیر سورۂ مزمل ۷ ر مرتبہ پڑھے، اول

واآخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کی مداومت ۴۰؍دن تک رکھے۔
انشاء اللہ روحانی قوت بہت بڑھ جائے گی اور اسرار منکشف ہوں گے، اگر کسی
دن پڑھتے وقت نیند کا غلبہ ہوجائے اور ۷؍مرتبہ کی تعداد پوری نہ ہو تو عمل میں
کوئی نقص پیدا نہیں ہوگا، عمل مکمل ہوجاتا ہے، جان بوجھ کر تعداد نہیں کم کرنی
چاہئے۔ اگر پڑھتے وقت خود بخود نیند آجائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

جدائی ڈالنا

اگر دو شخص کسی غلط کام میں لگے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان جدائی
ڈالنا مقصود ہو تو ۱۵؍مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں۔ اول وآخیر درود شریف نہ
پڑھیں۔ جب ۸؍مرتبہ پڑھ چکیں تو ۳؍مرتبہ یہ کہیں الٰہی فلاں ابن فلاں اور
فلاں ابن فلاں میں جدائی ہوجائے۔ اس کے بعد پھر ۷؍مرتبہ پڑھیں۔ اس
طرح ۱۵؍کی تعداد پوری کریں۔ انشاء اللہ ان دونوں کے درمیان جدائی واقع
ہوجائے گی۔

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

اگر کسی گھر میں آسیب کا اثر ہو تو اس کو دفع کرنے کے لئے ۲۱؍مرتبہ سورۂ
مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی کو گھر کے کونوں میں چھڑک دیں۔ انشاء
اللہ آسیب وہاں سے بھاگ جائے گا۔

پریشانی سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو اور اس پریشان سے کسی طرح بھی
نجات نہ مل پا رہی ہو تو منگل کے دن ۵۷؍مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ اول وآخیر

۲۱؍مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ اس پریشانی سے نجات مل جائے گی۔
اگر خدانخواستہ اس عمل کے بعد پریشانی سے نجات نہ ملے تو اگلے منگل کو یہ عمل
دوبارہ کرے۔ انشاء اللہ دوسری بار کے بعد پریشانی سے لازمی طور پر نجات مل
جائے گی۔

روزگار میں اضافے کے لئے

دینی اور دنیاوی ترقی اور روزگار اور مرتبہ میں اضافے کے لئے یہ عمل
کرے۔ نمازِ فجر کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائے اور اس طرح سورۂ مزمل
پڑھے کہ سب سے پہلے ۳؍بار یہ پڑھے: یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ صلی اللہ علیہ
وسلم اس کے بعد قُمِ الَّیْلَ سے پڑھنا شروع کرے اور آیت رَبُّ
الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ پر پہنچے تو وَكِیْلًا ۳؍بار تکرار کرے، اسی طرح
وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ کی تکرار ۳۳؍بار کرے جب یَبْتَغُوْنَ مِنْ
فَضْلِ اللّٰهِ پر پہنچے تو ۳؍بار تکرار کرے اور سورۂ مزمل کی آخری آیت وَاسْتَغْفِرُوا
اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ کی تکرار ۳؍مرتبہ کرتے، ختم سورۃ کے بعد
"یاغنی" ۱۰۰؍مرتبہ اور "یا مُنْعِمُ" ۲۰۰؍مرتبہ پڑھے، اس کے بعد ۱۱؍مرتبہ
درود شریف پڑھے، پھر اپنی ترقی کامیابی، رزق میں اضافے کی دعا کرے۔
اس عمل کو لگاتار ۴۰؍دن تک کرے۔ انشاء اللہ رزق میں، مرتبہ میں اور دیگر
فتوحات میں حیرتناک اضافہ ہوگا۔

قید سے رہائی کے لئے

قیدیوں کو چاہیے کہ سورۂ مزمل کی یہ آیت وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ

وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا روزانہ ۱۵۰ مرتبہ پڑھے، اول وآخر ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اور یہ نقش اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ بہت جلد رہائی کا فیصلہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

۳۰۱	۳۰۴	۳۰۷	۲۹۳
۳۰۶	۲۹۴	۳۰۰	۳۰۵
۲۹۵	۳۰۹	۳۰۲	۲۹۹
۳۰۳	۲۹۸	۲۹۶	۳۰۸

مال کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کا اسباب اور مال ہر طرح کی آفت اور چوری وغیرہ سے محفوظ رہے تو اس کو چاہئے کہ جس جگہ مال رکھا ہو یا ساز وسامان رکھا ہو وہاں ۵۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر کونے میں دم کردے اور ایک مرتبہ کسی کاغذ پر سورۂ مزمل لکھ کر اس کمرے میں لٹکادے۔ انشاء اللہ خراب ہونے سے اور چوری ہونے سے مال محفوظ رہے گا۔

زبان بندی کے لئے

دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے جمعرات کے دن اشراق کی نماز پڑھ کر ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل بلا درود شریف پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے اور اس عمل کو ۷ جمعراتوں تک لگاتار کرے۔ انشاء اللہ دشمن ایک حرف بھی اپنی زبان سے نہیں نکال سکے گا، اس کی زبان بند ہوجائے گی۔

فسق وفجور سے بچنے کے لئے

عصر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، اول وآخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اللہ سے دعا کرے کہ فسق وفجور سے حفاظت رہے، اس عمل کو ۴۰ دن تک کرے۔ انشاء اللہ فسق وفجور سے محفوظ رہے گا۔

چشم خلائق میں مقبول ہونے کے لئے

چشمِ خلائق میں مقبول ہونے کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد ۳ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ مقبولیت اور محبوبیت کی دولت سے سرفراز ہوگا۔

قضاءِ حاجت کے لئے

کوئی بھی حاجت درپیش ہو یہ عمل کرے: نماز مغرب کے بعد دو رکعت بہ نیت قضاءِ حاجت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، اس کا ثواب سرکار دو عالم ﷺ کے توسط سے تمام مسلمانوں کو پہنچائے، اس کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، آخر میں پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ دعائیں قبول ہوں گی، بعض بزرگوں سے یہی عمل اس طرح منقول ہے کہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے، پھر وہی دعا مانگے، اس کے بعد پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ بالکل اسی طرح سورۂ مزمل ایک ایک مرتبہ پڑھ کر ۱۱ کی تعداد پوری کرے۔

تجربات یہ بتاتے ہیں کہ اس عمل کے دونوں ہی طریقے مجرب اور موثر ہیں، جس طریقے پر بھی اپنا دل ٹھکے کر لیں اور اس عمل کو ۱۱ ردن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

مفلسی دور ہو

تنگ دستی، غربت اور افلاس سے نجات پانے کے لئے یہ عمل کرنا چاہئے۔ ظہر کی نماز کے بعد ۲ رکعت نفل نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۳۳ رمرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد نہایت توجہ اور یکسوئی اور یقین کے ساتھ ۷ رمرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اول و آخیر ۲۱ رمرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ۱۰۰ رمرتبہ یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ مَا عَملتُ مِنْ عَمَلٍ فِیْ ھٰذہ نسیة مانھیتنی عَنہُ وَلَمْ ترضِیْ وَ نسیه وَلہٗ تنسه وَ علمت مِنِّیْ بِقُدْرَتِكَ عَلٰی عَقوبَتِیْ ودعوة الی التوبة بعد حرمی علیك اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ فَاسْتَغْفِرْ رَبكَ فِیھَا یَاغفُوْر فَاغْفِرْلِیْ وَمَاعَمِلْتُ من عملِیْ ترضَاہُ عَنِّیْ وَعَدَّتی الثَّوَاب فَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ وَلَا تَقْطَعْ رِجائِیْ یَاعظِیْمُ الرجاء اَللّٰھُم ارْزُقْنِیْ خَیرَ ھٰذہ السنة.

دعا ختم کرنے کے بعد اپنی غربت دور ہونے کی دعا کرے، اس عمل کو ۴۰ ردن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ رزق کے دروازے عجیب وغریب انداز میں کھلیں گے اور خیر وبرکت بھی خوب ہوگی۔

قربت الٰہی کے لئے

نمازِ تہجد کے بعد ۱۱ رمرتبہ سورۂ مزمل پڑھنے کا معمول بنائیں اول و آخیر ۱۱ رمرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ قربت الٰہی کی دولت سے سرفراز ہوگا اور قلب میں ایک نور پیدا ہوگا جو عبادت پر اکسائے گا اور خطاؤں سے محفوظ رکھے گا۔

محتاجی سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ وہ محتاجی اور تنگ دستی سے محفوظ رہے تو اس کو چاہئے کہ روزانہ ۳ رمرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کیا کرے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے۔ انشاء اللہ وہ محتاجی اور تنگ دستی سے محفوظ رہے گا اور اس کی تمام خواہشات پوری ہوں گی۔

سوکھے کا علاج

جو بچہ سوکھے کی بیماری میں مبتلا ہو اس کے لئے یہ عمل کریں کہ ۲۱ رمرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اول وآخیر ۲۱ رمرتبہ درود شریف کے ساتھ اس بچے پر دم کریں اور روغن زیتون پر بھی دم کر کے روغن زیتون روزانہ بچے کے جسم پر ۲۱ ردن تک ملیں۔ انشاء اللہ بچہ سوکھے کی بیماری سے نجات پائے گا اور فربہ ہو جائے گا۔

دل کو مسخر کرنا

دلوں کو مسخر کرنے کے لئے اور لوگوں کے دلوں میں اپنی محبت اور ہیبت پیدا کرنے کے لئے ہر نوچندی جمعرات کو ۱۲۱ رمرتبہ سورۂ مزمل پڑ اس طرح پڑھے کہ اول وآخیر ۴۱ رمرتبہ درود شریف پڑھے، ۱۲ رجمعراتوں تک یہ عمل کرے اور محرم کے مہینے سے اس کی شروعات کرے۔ انشاء اللہ ایک سال گذرنے کے بعد دنیا عامل کی مٹھی میں ہوگی اور جو بھی دیکھے گا وہ عزت ومحبت کرنے پر مجبور ہوگا اور

لوگوں پر ایک عجیب طرح کا رعب قائم ہوگا۔

دشمن کے وار سے محفوظ رہنے کے لئے

دشمن کے وار سے محفوظ رہنے کے لئے سورۂ مزمل کا نقش گلے میں ڈالیں اور گھر سے نکلتے وقت ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں، انشاء اللہ دشمن کسی بھی طرح کا حملہ کرنے پر قادر نہیں ہوسکے گا۔

سورۂ مزمل کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۱۹۱	۱۷۱۹۴	۱۷۱۹۷	۱۷۱۸۴
۱۷۱۹۶	۱۷۱۸۵	۱۷۱۹۰	۱۷۱۹۵
۱۷۱۸۶	۱۷۱۹۹	۱۷۱۹۲	۱۷۱۸۹
۱۷۱۹۳	۱۷۱۸۸	۱۷۱۸۷	۱۷۱۹۸

محبت میں فریفتہ کرنے کے لئے

کسی کو اپنی محبت میں فریفتہ کرنے کے لئے نمازِ جمعہ کے بعد جاری پانی پر یا کسی میٹھی چیز پر سورۂ مزمل ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلائے، اول و آخیر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور آخیر میں ایک بار یہ بھی کہے فلاں ابن فلاں علی حبی بے قرار شود فلاں ابن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے۔ یہ بات یاد رکھیں کہ اس طرح کے امور ناجائز تعلقات میں نہیں کرنے چاہئیں۔ بہن، بھائی، بہن، بہن، میاں بیوی اور جائز دوستی یا کوئی جائز کام نکالنے کی غرض سے کرنے چاہئیں انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

دشمن کو پریشان کرنا

اگر کسی دشمن کو حیران و پریشان کنے کا ارادہ ہو تو روزانہ اس کا تصور کر کے ۱۷ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اور ۱۷ر دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ دشمن حیران و پریشان ہوگا اور اس کے گندے عزائم پورے نہیں ہوسکیں گے، وہ اپنی پریشانیوں میں الجھ کر رہ جائے گا۔

دشمن کی بربادی کے لئے

ایسے دشمن کے لئے جو کسی طرح راہِ راست پر نہ آتا ہو، ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو اور دوسرے لوگ بھی اس کی سازشوں اور ریشہ

قبر کی مٹی اٹھا کر لائے اور اس مٹی کو ہاتھ میں رکھ کر سورۂ مزمل ۴۱ر مرتبہ پڑھے، اس کے بعد اس مٹی کو کسی گندے کپڑے میں لپیٹ کر دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ دشمن برباد ہوجائے گا اور اس کے بعد کسی بھی طرح کا نقصان پہنچانے کی جرأت نہ کر سکے گا۔

ہمسائے کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر کسی کا پڑوسی ستاتا ہو، زبان درازی کرتا ہو، تہمت لگاتا ہو اور دیگر طریقوں سے پریشانیاں کھڑی کرتا ہو تو نمازِ عصر کی ۴ر رکعت سنت غیر موکدہ ادا کرنے کے بعد ۳ر مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کریں، اول و آخیر ۳ر مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس عمل کو لگاتار ۱۱ر دن تک کریں۔ انشاء اللہ برے پڑوسی بری حرکتوں سے محفوظ ہوجائے گا۔

پیٹ کی خرابی

اگر کسی کا پیٹ خراب ہوگیا اور کسی طرح ٹھیک نہیں پارہا ہو تو باوضو ہو کر کسی چینی کی پلیٹ پر سورۂ مزمل کا نقش لکھے، اس کے بعد اس پر ہلکا سا شہد لگائے، پھر تازہ پانی سے دھو کر اس کو پی لے، لگاتار ۳ر دن تک یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ پیٹ ٹھیک ہو جائے گا۔

ظالم افسر سے نجات حاصل کرنے کے لئے

اگر کسی مقام پر کوئی ایسا ظالم متعین ہو کہ جس کے ظلم وستم سے لوگ پریشان ہوں اور اس سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہوں تو اس کو اس جگہ سے ہٹانے کے لئے جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد ۱۹ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اور سرسوں کے دانوں پر دم کر کے انہیں آگ میں ڈالیں۔ انشاء اللہ ظالم وفاسق افسر عہدے سے گر جائے گا اور معزول ہو جائے گا۔ اس عمل میں شروع میں بسم اللہ اور درود شریف نہ پڑھیں۔

وسعت رزق کے لئے

رزق حلال میں خیر وبرکت کے لئے نوچندی جمعرات کو اس عمل کی شروعات کرے، غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے، نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد ۴۱ر مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول وآخر ۲۱ر مرتبہ درود شریف پڑھے، اس کے بعد عشاء کی نماز تک مصلے ہی پر رہے، عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اور کسی سے بات کئے بغیر سو جائے، جب صبح کو اٹھے تو نماز فجر کے بعد ایک

مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اس عمل کو ۴۰ر دن تک جاری رکھ کر چھوڑ دے اور اس کے بعد روزانہ ۷ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنے کا معمول بنائے۔ انشاء اللہ رزق موسلادھار بارش کی طرح نازل ہوگا اور خوب خیر وبرکت بھی ہوگی۔

گناہوں سے چھٹکارا پانے کے لئے

جو شخص گناہوں میں غرق ہو لیکن چاہتا ہو کہ گناہوں سے نجات مل جائے تو اس کو چاہئے کہ ہر جمعرات کو نماز عصر کے بعد ۲۱ر مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول وآخر ۲۱ر مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۲۱ر دن اس عمل کو جاری رکھنے سے گناہوں سے نفرت ہو جائے گی اور طبیعت نیکیوں کی طرف چلنے لگے گی۔

ظالم کی بربادی کے لئے

اگر کسی ظالم انسان کو برباد کرنا مقصود ہو تو ۲۱ر روز تک قبرستان میں جا کر دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر دشمن کی تباہی کا تصور کرتے ہوئے ۷۰ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور جب ترتیلاً پر پہنچے تو اپنا ہاتھ اٹھا کر ۳ر مرتبہ زمین پر مارے اور جب عذاباً الیماً پر پہنچے تو ظالم کی تباہی کی دعا کرے۔ اس کے بعد سورۂ مزمل پڑھ کر ۲۱ر مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۲۱ر دن کے اندر اندر ظالم برباد ہو جائے گا۔

مطلوب کو حاضر کرنا

اس مقصد کے لئے سب سے پہلے سورۂ مزمل کی زکوٰۃ ادا کرے، اس کے بعد کسی ایسی جگہ کا انتخاب کرے کہ جہاں دوران عمل کتے کی آواز نہ آئے،

۳ر لکڑیاں ۳ر درختوں کی لائے، ایک لکڑی میٹھے شہتوت کی، دوسری لکڑی انجیر کی اور شہد کی اور ایک لکڑی میٹھے انار کی۔ ان دونوں کو آپس میں باندھ دے پھر مٹی یا کوزے کا چراغ ان تینوں لکڑیوں پر رکھ دے اور زیتون کے تیل میں چراغ کو روشن کرے، بتی مطلوب کے کپڑے کی بنائے۔ ۴۱ر سیا مرچ لیں، اس میں سے ایک سیاہ مرچ میں سوراخ کر کے اس میں ایک سوئی ڈال کر رکھ لیں۔ اس کے بعد ہر ایک مرچ پر ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اس پر دم کر کے آگ میں ڈالیں، آخیر میں اس مرچ کو بھی ڈال دیں جس میں سوئی لگا رکھی ہے۔ اس عمل کو لگاتار ۳ر دن تک کریں اور مطلوب کا تصور رکھیں۔ انشاء اللہ مطلوب بیقرار ہو کر واپس آئے گا۔ یہ عمل میاں بیوی کے لئے بہت کارگر ثابت ہوتا ہے جو ایک دوسرے سے بچھڑ گئے ہوں۔

ظاہر اور باطنی فتوحات کے لئے

یہ عمل زبردست روحانی قوت عطا کرتا ہے اور ظاہری اور باطنی فتوحات کے معاملے میں تیر بہدف ہے لیکن یہ عمل صرف ان لوگوں کو کرنا چاہئے جو دل کے مضوط ہوں، جو لوگ دل کے کمزور ہوں ان کو یہ عمل نہیں کرنا چاہئے۔ اس عمل میں دورانِ عمل موکلین کی طرف کچھ ایسی چیزیں سامنے آتی ہیں جنہیں دیکھ کر عامل ڈر جاتا ہے۔ اگر عامل کا دل کمزور ہوگا تو ہارٹ فیل ہونے کا اندیشہ رہے گا۔ اس عمل کے لگاتار ۳ر چلّے ہوتے ہیں اور ان تینوں چلّوں میں پرہیز جلالی اور ترکِ حیوانات کا اہتمام کرنا بھی ضروری ہوتا ہے۔ بد پرہیزی سے زبردست نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ کیوں کہ بد پرہیزی سے رجعت کا اندیشہ

ہوتا ہے اور اگر رجعت ہو جائے تو عامل کے جان جانے کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے یا پھر عامل کا دماغ خراب ہو سکتا ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ وضو کی حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر عمل کی شروعات کریں۔ ۱۲۱ر مرتبہ یہ والا درود شریف پڑھیں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَمِّلِ وَالْخَصَائِصِ اس کے بعد یہ پڑھے يَاحَنَّانُ اَنْتَ الَّذِىْ وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا يَاحَنَّان اس کے بعد ۱۲۱ر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، اس کے بعد ایک مرتبہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِىْ خُدَّام هٰذه السورة الشريفة بحق لا اله اِلا الله محمد رسول الله اس کے بعد پھر وہی درود ۱۲۱ر مرتبہ پڑھے، ایک چلّہ کا عمل ہوا۔ دوسرے چلّے ہی میں سورۂ مزمل صرف ۸۱ر مرتبہ پڑھے البتہ درود شریف ۱۲۱ ہی مرتبہ پڑھے۔ تیسرے چلّے کے بعد روزانہ سورۂ مزمل کی تلاوت ۱۱ر مرتبہ کرتا رہے اور کوئی سا بھی درود اول و اخیر میں ۲-۳ر مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ زبردست روحانی قوت حاصل ہوگی اور زبردست ظاہری اور باطنی فتوحات حاصل ہوں گی۔

مثانہ کی تکلیف کے لئے

اگر مثانہ میں پتھری یا کسی اور طرح کی تکلیف ہو تو ایک بار سورۂ مزمل کی تلاوت کر کے بارش کے پانی پر دم کر لیں اور یہ پانی نہار منھ اور رات کو سوتے وقت مریض کو ۷ر دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ پتھری نکل جائے گی اور تکلیف ختم ہو جائے گی۔

پریوں کو حاضر کرنے کے لئے

سورۂ مزمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد کسی تنہائی کی جگہ میں سورۂ مزمل ۲۷ مرتبہ پڑھ کر ثابت اڑد کے دانوں پر دم کردے پھر ان دانوں کو کمرے میں بکھیر دے، اس کے بعد پھر سورۂ مزمل پڑھنا شروع کرے۔ انشاء اللہ اسی وقت پریوں کا نزول شروع ہوگا۔

اولادِ نرینہ کے لئے

عورت جب حیض سے پاک ہوجائے تو اس کے ۳ دن کے بعد دونوں میاں بیوی روزہ رکھیں اور افطار سے پہلے ۷ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دودھ پر دم کردیں پھر اس دودھ سے دونوں میاں بیوی افطار کریں اور رات کو دونوں میاں بیوی ہم بستری کریں، انشاء اللہ حمل قرار پائے گا اور لڑکا پیدا ہوگا۔

عجیب وغریب فوائد حاصل کرنے کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ اس کو زندگی کے انوکھے اور عجیب وغریب فوائد حاصل ہوں اس کو روحانیت کی بیش بہا دولت حاصل ہو اور اس کے قلب کو ایک طرح کا اطمینان اور آسودگی ہمیشہ میسر رہے تو اس کو چاہیئے کہ عروج ماہ میں ۶ روزے رکھے، روزانہ افطار کے وقت ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، ساتویں دن پانی میں کھڑے ہوکر یا پانی میں بیٹھ کر یا پھر کسی دریا یا نہر کے کنارے پر بیٹھ کر ۱۱۰۰ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اگر ۱۱۰۰ سو مرتبہ ایک دن میں پڑھنا ممکن نہ ہو تو روزانہ اتنی تعداد کرلے کہ ۳ دن میں پوری ہوجائے، اور اس دوران ترک حیوانات

کرے۔ انشاء اللہ حیرت انگیز فائدے اس کو ہوں گے اور عجیب طرح کی روحانیت اور آسودگی اپنے دل میں محسوس کرے گا، اس کے بعد روزانہ کم سے کم ایک مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت وہ پابندی سے کرتا رہے، کبھی ناغہ نہ کرے۔ یہ عجیب وغریب عمل ہے اور اس کے عجیب وغریب نتائج سامنے آتے ہیں۔

خاص مقصد میں کامیابی کے لئے

جس کو کسی خاص مقصد میں کامیابی حاصل کرنی ہو خواہ وہ مقصد کتنا ہی اہم اور بڑا کیوں نہ ہو تو اس کو مندرجہ ذیل طریقے سے لگاتار ۳ چلے کرنے چاہئیں۔ طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نفل اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ واللیل، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ البروج، تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ناس پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس قدر گہرے پانی میں کھڑا ہوجائے کہ پانی اس کی ناف تک رہے۔ قبلہ رو کھڑے ہونے کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ایک چلے تک اس طرح عمل کرے اور ترک حیوانات کرے۔ دوسرے چلے میں سورۂ مزمل ۲۱ مرتبہ پڑھے، تیسرے چلے میں ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، جب تینوں چلے ہوجائیں تو روزانہ سورۂ مزمل ۱۱ مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ بڑے سے بڑے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی، واضح رہے کہ تینوں چلوں میں عمل پانی میں کھڑے ہوکر ہی پڑھنا ہے، یہ عمل مسجد کی حوض میں بھی کیا جاسکتا ہے یا کسی اور جگہ پانی بھر کر بھی کیا جاسکتا

ہے۔ شرط یہ ہے کہ پانی ناف تک رہے۔

گم شدہ کو حاضر کرنا

اگر کسی شخص کا کوئی دوست یا عزیز گم ہو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہیں چل رہا ہو کہ وہ کہاں ہے تو اس کو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ مزمل کی یہ آیت اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھ کر چاروں اطرف میں دم کرے اور مندرجہ ذیل نقش لکھ کر کسی پھل دار درخت پر لٹکا دے۔ انشاء اللہ گم شدہ شخص جہاں بھی ہو وہاں سے آگے نہیں بڑھے گا، نا ہی اِدھر اُدھر ہوگا بلکہ وہ واپس آنے کے لئے بے قرار ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۲۳	۶۳۷	۶۳۴	۶۳۰
۶۳۵	۶۲۹	۶۲۴	۶۳۶
۶۲۸	۶۳۲	۶۳۹	۶۲۵
۶۳۸	۶۲۶	۶۲۷	۶۳۳

اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کریں پھر اس نقش کو یا تو کسی پھل دار درخت پر لٹکا دیں یا مفرور کے گھر میں لٹکا دیں۔

کند ذہن بچے کے لئے

جس بچے کا حافظہ کمزور ہو اس کو کچھ یاد نہ رہتا ہو وہ بچے روزانہ نمازِ فجر کے بعد سورۂ مزمل کی یہ آیت ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر لیا کرے اور مندرجہ ذیل

نقش کو اس کے گلے میں ڈالے۔ آیت یہ ہے: وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳۶	۷۵۰	۷۴۷	۷۴۴
۷۴۸	۷۴۳	۷۳۷	۷۴۹
۷۴۲	۷۴۵	۷۵۲	۷۳۸
۷۵۱	۷۳۹	۷۴۱	۷۴۶

امتحان میں کامیابی کے لئے

امتحان میں بہتر کامیابی حاصل کرنے کے لئے امتحان کے زمانہ میں عشاء کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر امتحان میں اعلیٰ کامیابی کے لئے دعا کرے اور مندرجہ ذیل نقش اس وقت تک گلے میں ڈالے رکھے جب تک نتیجہ امتحان سامنے نہ آجائے۔ آیت یہ ہے: عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۹۸	۷۱۲	۷۰۸	۷۰۵
۷۰۹	۷۰۴	۶۹۹	۷۱۱
۷۰۳	۷۰۶	۷۱۴	۷۰۰
۷۱۳	۷۰۱	۷۰۲	۷۰۷

فتوحات کے لئے

کسی بھی ہجری مہینے میں چاند کی پہلی تاریخ سے ۳؍تاریخ تک ۳؍روزے رکھے اور افطار دودھ کی پکی ہوئی کسی چیز سے کرے، یہ چیز اتنی پکے کہ خود پینے کے بعد کچھ بھی نہ بچے۔ اس کے بعد ۵؍تاریخ سے یعنی دو دن چھوڑ کر عمل شروع کرے۔ عشاء کی نماز کے بعد تقریباً آدھی رات کے بعد ۱۱؍مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۳؍مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے، جب اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو ۱۱؍مرتبہ اس آیت کی تکرار کرے۔ ختم سورۃ پر ۳؍بار آمین کہے، اس کے بعد یہ پڑھے: وَافْتَحْ عَلَیْنَا خَزَائِنَ رَحْمَتِكَ بِحَقِّ یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّل زُقْنِیْ بِلُطْفِكَ الْغَفِیُّ لُطَافْ اس کے بعد سورۂ مزمل شروع کرے اور جب وَكِیْلًا پر پہنچے تو کھڑے ہو کر ۲۱؍مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْل نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر ۹؍مرتبہ پڑھے، اس کے بعد ۹؍مرتبہ "یَارَبِّ" کہے جب مَاتَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْآن پر پہنچے تو اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔ سورۂ مزمل کے بعد ۱۹؍مرتبہ یہ پڑھے: یَارَحِیْمُ كُلِّ مَرِیْخٍ وَمَكْرُوْبٍ وَغِیَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ یَارَحِیْمُ اس طرح روزانہ اس عمل کو ۱۱؍مرتبہ کرے اور عمل کے وقت احرام باندھ لے اور ۴۰؍دن تک ترکِ حیوانات کرے۔ انشاء اللہ زبردست کامیابی ملے گی، فتوحات کا سلسلہ شروع ہوگا۔

کشائش رزق کے لئے

نمازِ مغرب کے بعد ۲؍رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے، نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدے

میں جا کر پھر سورۂ مزمل پڑھے اور جب فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا پر پہنچے تو اس آیت کو ۷؍مرتبہ پڑھے، اس کے بعد سجدے سے سر اٹھا کر ۱۱؍مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح پڑھے کہ ہر بار یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ صلی اللہ علیہ وسلم ۳؍مرتبہ پڑھ کر پھر آگے پڑھے، ۱۱؍مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنے کے بعد ۱۰۰۱؍مرتبہ یَامُغْنِیُ یَامُهَیْمِنُ پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰؍دن تک کرے۔ انشاء اللہ رزق میں زبردست اضافہ ہوگا۔

موکل حاضر کرنا

نوچندی منگل کے دن یہ عمل شروع کریں اور عشاء کی نماز کے بعد سورۂ مزمل ۴۴؍مرتبہ پڑھیں، اول و آخیر ۲۱؍مرتبہ درود شریف پڑھیں، انشاء اللہ ۴۴؍دن میں موکل حاضر ہوں گے اور اطاعت کا عہد کریں گے۔ اس عمل کو ترکِ حیوانات کے ساتھ کریں۔

مفرور کا حال معلوم کرنا

اگر کوئی شخص مفرور ہو اور اس کا پتہ نہ ہو کہ کہاں ہے اور یہ بھی اندازہ ہو کہ وہ زندہ ہے یا مردہ تو یہ عمل کریں۔ عشاء کی نماز کے بعد ۲؍رکعت نفل ادا کریں، اس کا ثواب سرکار دو عالم ﷺ کے طفیل میں تمام مسلمانوں کو بخشیں، اس کے بعد ۴۱؍مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اور اول و آخیر ۱۰۰؍مرتبہ درود شریف پڑھیں اور مفرور کے بارے میں جانکاری کی دعا کریں، اس کے بعد کسی سے بات چیت کئے بغیر سو جائیں، انشاء اللہ رات کو خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ مفرور زندہ ہے یا مردہ اور وہ کس مقام پر ہے۔ بعض بزرگوں نے اس عمل کو لکھ کر یہ وضاحت کی

ہے کہ مفرور کا نام مع والدہ لکھ کر تکیہ میں رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ مفرور کے بارے میں خواب میں معلومات فراہم ہو جائیں گی۔

وسعتِ روزگار کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے روزگار کو وسیع کرنے کا آرزومند ہو تو اس کو بعد نماز مغرب یہ عمل کرنا چاہئے۔ سورۂ مزمل کی تلاوت مندرجہ ذیل طریقہ سے کرے اور اول و آخر ١١ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سورۂ مزمل کے شروع میں ٣ بار کہے یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ زِمْنِی بِلُطْفِكَ الْخَیْرُ بِحُرْمَةِ محمدٌ رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللّٰہُ علیه وسلم اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کرے اور جب فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً پر پہنچے تو ٢ بار کہے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْل اس کے بعد جب دوبارہ سورۂ مزمل پڑھے اور فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً پر پہنچے تو ٣ بار یہ کہے شَاهَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَ قَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا حٰمٓعٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَانِ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ جب تیسری مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً پر پہنچے تو کچھ دیر خاموش رہے پھر ٣ مرتبہ كِفَایَتُنَا حِمَایَتُنَا فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اس کے بعد سورۃ ختم ہو جانے پر رزق کی فراوانی اور روزگار کے وسیع ہو جانے کی دعا کرے۔ اس عمل کو ٢١ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ رزق کے دروازے اس طرح کھلیں گے کہ عقل حیران ہوگی۔

مستجاب الدعوات اور مال دار بننے کے لئے

سورۂ مزمل کا یہ عمل عامل کو مستجاب الدعوات بناتا ہے اور عامل کو مال دار

بناتا ہے اور تسخیر کی دولت سے سرفراز کرتا ہے، اس عمل کو کرنے سے پہلے مسجد میں یا تنہائی میں اعتکاف کی نیت سے بیٹھے۔ یہ عمل ٢١ دن تک جاری رکھنا ہے اور ٢١ دن تک پرہیز جلالی اور ترکِ حیوانات کے ساتھ کرنا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ مغرب کی نماز سے پہلے کسی تنہائی کی جگہ میں معتکف ہو جائے اور نیت کرے کہ رات بھر معتکف رہے گا۔ روزانہ ٢١ راتوں تک اعتکاف کی نیت کرے۔ عمل اس طرح شروع کرے کہ ٤١ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ مزمل شروع کرے اور درود شریف یہ پڑھے، اَللّٰھُم صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَازَهَرَتِ النُّجُوْم وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَاتَلَاجَتِ الْغُیُوْمُ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اس کے بعد ١٠٠ مرتبہ "یامُنْعِمْ" پڑھے پھر سورۂ مزمل شروع کرے جب آیت ترتیلاً پر پہنچے تو ٤١ مرتبہ یہ پڑھے وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَ یَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبْ۔

پھر جب آیت فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا پر پہنچے تو یَابَاسِطَ الرزق لِمَنْ یَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَاب ٤١ مرتبہ پڑھے، اس کے بعد جب آیت سَبِیْلًا پر پہنچے تو یہ آیت ٤١ مرتبہ پڑھے اَللّٰھُم رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ جب قَرْضًا حَسَنًا پر پہنچے تو ٤١ مرتبہ یہ پڑھے اَلَا اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْر اس کے بعد ختم سورۃ ٤١ مرتبہ یہ آیت پڑھے اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ اس طرح ٧ مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو ٢١ روز تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس کے بعد دعائیں قبول ہوں گی۔ دولت موسلا دھار بارش کی طرح برسے گی اور لوگوں میں زبردست مقبولیت پیدا ہوگی۔ اس عمل کو اگر پرہیز

کے بغیر کرے گا تو رجعت کا اندیشہ رہے گا، اس لئے پرہیز جلالی اور ترک حیوانات کے ساتھ یہ عمل کرے اور بہتر ہے کہ ۲۱ روز تک مونگ کی دال اور جو یا جوار کی رٹی کے سوا کچھ نہ لے۔

کسی ظالم وفاسق کو ہلاک کرنے کے لئے

قمری مہینے کے آخری منگل کو یہ عمل کریں۔ جنگل میں کسی درخت کے نیچے جس پر پھل آتے ہوں یہ عمل کریں، اپنے اردگرد چھری سے ایک دائرہ کھینچ لیں اور چھری کو زمین میں گاڑ دیں، اس کے بعد ظالم وفاسق کا تصور کرتے ہوئے سورۂ مزمل بلا درود ۲۷ مرتبہ پڑھیں، پھر چھری کو پوری طرح وہاں دبا کر آجائیں۔ کچھ ہی دنوں میں بحکم خداوندی ظالم وفاسق شخص یا تو ہلاک ہو جائے گا یا کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جائے گا جو اس کو بستر پر ڈال دے گا۔ یہ بات یاد رکھیں کہ اس طرح کے عمل شرعاً مجبوری میں ان ظالموں کے خلاف کرنا چاہئے جن کے ظلم وستم سے اللہ کے تمام بندے پریشان ہوں، اپنی ذاتی دشمنی کی وجہ سے اس طرح کے عمل اگر نہ کریں تو بہتر ہے۔

مصائب سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص ایسے مصائب کا شکار ہو کہ جن کی وجہ سے زندگی اجیرن بن چکی ہو اور غربت وافلاس کے ساتھ ذلت ورسوائی بھی ہو رہی ہو تو ایک چلّہ سورۂ مزمل اس طرح پڑھے، باوضو ہو کر قبلہ رو بیٹھے اور عشاء کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کرے۔ جب وَالْمُكَذِّبِيْنَ پر پہنچے تو اذان پڑھے جب مَفْعُوْلًا تک پہنچے تو پھر اذان پڑھے جب سورۃ ختم

ہو جائے تو پھر اذان پڑھے اس طرح سے ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اس عمل کو ۴۱ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ مصائب سے نجات ملے گی اور ذلت و رسوائی سے بھی چھٹکارا نصیب ہوگا۔ یہ عمل ان لوگوں کے لئے مفید ثابت ہوگا جو ناحق گرفتار ہو گئے ہوں اور جن کی ضمانت نہ ہو رہی ہو۔

حاضرات کے لئے

اگر حاضرات کرنی ہو تو اس کے لئے سورۂ مزمل کی زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے، جب حاضرات کرنی ہو تو باوضو حالت میں ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور گلاب یا موتیا کے پھول پر دم کر کے کسی آسیب زدہ یا کسی نابالغ بچے کو سنگھائے، سورۂ مزمل ۴۱ مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ عزیمت پڑھے بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم عزمت علیکم و اقسمتُ یابادشاہ بکتانوش ملك العرب والعجم ابوعمیّۃ ابوك و اخوك اخوك اخوك حتماً حتماً حتماً مَیسراً میسراً میسرًا کنجولۃِ کنجولۃ کنجولۃِ اجل بادشاہ بکتانوش بحق سلیمان ابن داؤد علیہ السلام بحق لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم حاضر شو حاضر شو حاضر شو

سورۂ مزمل کی زکوٰۃ

جو شخص سورۂ مزمل کی زکوٰۃ نکالنے کے خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ ۴۰ مرتبہ روزانہ بہ نیت زکوٰۃ اس طرح پڑھے کہ اول و آخیر ۴۰ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کرے۔ چالیس دن پورے ہونے کے بعد ۷ نمازیوں کو کھانا کھلائے اور بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا

ہو جائے گی۔ اس دوران کسی پرہیز کی ضرورت نہیں۔ البتہ زبان سے متعلق جو گناہ ہوں ان سے مطلقاً خود کو محفوظ رکھے، مثلاً جھوٹ، غیبت، تہمت اور لایعنی باتیں وغیرہ۔ کوشش کرے کہ یا تو چپ رہے ورنہ استغفار یا درود شریف پڑھتا رہے۔ لوگوں سے ضرورت کی بات چیت کرے لیکن غیر ضروری باتوں سے اپنی زبان کی حفاظت کرے۔ انشاء اللہ سورۂ مزمل کی برکت سے دل میں نورانیت پیدا ہوگی

یہ طریقہ حضرت نظام الدین اولیاء سے منسوب ہے۔ حضرت نظام الدینؒ سلسلہ قادریہ چشتیہ کے مستجاب الدعوات ولی تھے۔ آپ نے اس عمل کا فیض بھی پوری طرح اٹھایا تھا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس عمل کا پابند رہے گا، بڑے بڑے حکماء اور افسران اس کے سامنے گردن جھکانے پر مجبور ہوں گے۔ مہمات وفتوحات میں اس کو کامیابی ملے گی اور جس کے لئے بھی دعا کرے گا قبول ہوگی اس عمل کی پابندی سے انسان درجہ ولایت کو پہنچتا ہے اور اس پر روحانی دولتوں کی موسلا دھار بارش برستی ہیں۔

● دعوت سورۂ مزمل کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی گیارہ تاریخ کو بشرطیکہ چند عقرب میں نہ ہو نصف شب میں غسل کر کے نیا لباس پہن کر پاک صاف لباس پہن کر کپڑوں کو عطر سے معطر کر کے اس عمل کی شروعات کریں اور یہ لباس جو پہلی رات پہنیں گے اسی عمل کے لئے مخصوص کر دیں۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد تنہائی میں اس عمل کی شروعات کریں۔ اول گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کریں۔ جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ تا وَكِيْلًا تک پہنچیں تو اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھیں، اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَا رَبُّ یَا وَکِیْلُ پڑھیں اور گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں: یَارَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا فِیْ جَمِيْعِ الْاُمُوْرِ وَكِيْلًا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا بِقَضَآءِ وَحَوَائِجِنَا كَفِيْلًا اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَا رَبُّ یَا وَکِیْلُ یَا رَبُّ یَا کَفِیْلُ باقی سورۃ کی تلاوت مکمل کریں، اس کے بعد پھر اسی طرح سورۂ مزمل کو دوبارہ پڑھیں۔ اور اس طرح گیارہ مرتبہ اس عمل کو دہرائیں۔ گیارہ مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ پہلے والا درود شریف پڑھیں۔ عمل کے ختم پر اللہ سے دعا کریں۔ اور اسی جگہ سو جائیں۔ لیکن عمل والا لباس اتار دیں اس لباس کو صرف عمل کے وقت پہنیں۔

اگر اس عمل کو مسجد میں کریں تو ٹوپی یا پگڑی ضرور سر پر رکھیں۔ اگر اس عمل کو گھر میں کریں تو ننگے سر کریں، جس دن یہ عمل کریں اس دن کھڑے ہو کر عمل کریں۔ اگلے دن سے بیٹھ کر عمل کریں لیکن چلے کے دوران جب بھی وہ دن آئے جس دن عمل شروع کیا تھا اس دن کھڑے ہو کر ہی عمل کریں۔

مثلاً جمعہ کی شب میں عمل شروع کیا تھا تو ہر جمعہ کی شب میں عمل کھڑے

ہو کر کرنا ہے باقی راتوں میں بیٹھ کر کرنا ہے۔ آخری دن جو بھی دن ہو اس دن
بھی کھڑے ہو کر یہ عمل کرنا ہے۔

۴۰ دن گزرنے کے بعد روزانہ اس عمل کو صرف ۳ مرتبہ کریں انشاء اللہ اس
عمل کی برکت سے تمام دعائیں قبول ہوں گی اور عامل جس کے لئے بھی اور
جس مقصد سے بھی دعا کرے گا قبول ہوگی۔ دوران چلہ اگر پرہیز جلالی کریں
تو ایسے مشاہدات عامل کو ہوں گے کہ عقل حیران ہوگی۔ مبشرات کے ذریعہ
بشارتیں ہوں گی اور بزرگان دین کی روحانی توجہ سے عامل مسلسل بہرہ ور ہوگا۔
دعوت سورۂ مزمل کا یہ عمل اکثر اولیاء کے معمولات میں شامل رہا ہے اور اس عمل
کے ذریعہ انہوں نے اللہ کے بندوں کی زبردست روحانی خدمت کی ہے۔ اس
عمل کے بعد اگر عامل کسی مریض کے سر پر اپنا ہاتھ رکھ کر دعا کرے گا تو مریض
شفایاب ہو جائے گا۔ مریض کیسا بھی ہو عامل کی دعا کی برکت سے مریض کو
شفاء اور صحت نصیب ہوگی۔

اس عمل کے بعد عامل جس مقصد کے لئے بھی اپنے ہاتھ اٹھائے گا
پروردگار عالم اس کی دعا کو قبول کریں گے اور اس کو مستجاب الدعوات ہونے کا
شرف حاصل ہو جائے گا۔

عامل کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ رزق حلال کا خود کو پابند بنائے اور اپنی
زبان کو جھوٹ، غیبت، تہمت اور فضول باتوں سے محفوظ رکھے تا کہ عمل کی تاثیر
میں رخنہ پیدا نہ ہو۔ دعوت سورۂ مزمل ایک عظیم دولت ہے۔ اور اس دولت سے
ہر صاحب ایمان کو مستفیض ہونا چاہئے۔

تسخیر مؤکلات سورۂ مزمل

یہ عمل مکمل تنہائی میں یقین کامل کے ساتھ کرنا چاہئے۔ عمل کی جگہ پاک
صاف ہو۔ اس جگہ میں دوران عمل کسی اور کی آمد ورفت نہ ہو۔ دوران عمل اگر بتی
روشن کریں یا پھر عود یا عنبر کا بخور جلائیں۔ پرہیز جلالی اور ترک حیوانات کے
ساتھ اس عمل کو ۵۰ دن تک جاری رکھیں۔ پہلے دن غسل کریں۔ اس کے بعد
روزانہ باوضو عمل کریں۔ اور ہر تیسرے دن غسل ضرور کریں۔ اگر روزانہ غسل
کر کے عمل کے لئے بیٹھیں تو افضل ہے۔ حصار قطبی کے ذریعہ اپنا حصار کریں
اور اس عمل کو روزانہ نصف شب کے بعد کریں۔

روزانہ اول وآخر ۳-۳ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ۴۰ مرتبہ سورۂ مزمل کی
تلاوت کریں، دوران تلاوت مؤکل کا تصور رکھیں۔ سورۂ مزمل ہر بار مکمل بسم اللہ
کے ساتھ پڑھیں۔ پچاس راتوں کے اندر اندر کسی بھی رات ۴ مؤکل حاضر
ہوں گے، یہ مؤکل عمل کے وقت بھی حاضر ہو سکتے ہیں۔ اور عامل کو کسی اور جگہ
بھی اچانک مل سکتے ہیں، ان کی نشانی یہ ہے کہ یہ چاروں ایک ساتھ آتے ہیں۔
عامل کو ہوش وحواس کے ساتھ دن رات گزارنے چاہئیں اور انسانی روپ
میں جب چار انسان ایک ساتھ اس سے ملاقات کریں تو اس کو یقین کرنا چاہئے
کہ یہ سورۂ مزمل کے مؤکل ہیں۔ ان کے چہرے نورانی ہوتے ہیں۔ اکثر و بیشتر
یہ کالے یا سفید لباس میں ہوتے ہیں۔ ملاقات کے دوران عامل کو علیک سلیک
کے بعد سب سے پہلے یہ پوچھنا چاہئے کہ وہ حاضر کس طرح ہوں گے۔ مؤکل
دوبارہ حاضری کا آسان عمل بتاتے ہیں۔ عامل کو چاہئے کہ اس عمل کو اپنے ذہن

میں محفوظ رکھے۔ اگر عامل کی روحانی طاقت بڑھی ہوئی ہوتی ہے تو وہ عامل کے
روبرو آ کر ملاقات کرتے ہیں ورنہ خواب میں حاضر ہوتے ہیں۔ اور عامل کے
تمام سوالوں کے جواب دیتے ہیں۔ سورۂ مزمل کے مؤکلین کے ذریعہ دفینوں
کی کھوج بھی کی جا سکتی ہے۔ اور گم شدہ لوگوں کا سراغ بھی نکالا جا سکتا ہے۔
دوران چلہ عامل کو مختلف نوعیت کی بشارتیں خوابوں میں ہوتی ہیں۔ عامل کو
چاہئے کہ ان بشارتوں کو اپنے پاس نوٹ رکھے اور کسی تجربہ کار سے ان کا ذکر
کر کے ان کا مطلب معلوم کرے۔

یہ بات واضح رہے کہ اگر کوئی عامل سورۂ مزمل کے مؤکل تابع کرنے
میں کامیاب ہو جاتا ہے تو وہ روحانیت کی دنیا کا بے تاج بادشاہ بن جاتا ہے۔

حاضرات سورۂ مزمل

اس حاضرات پر قابو پانے کے لئے سب سے پہلے اس کی زکوٰۃ ادا
کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا اتوار سے شروع کرے۔
روزانہ ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کر کے اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف
پڑھیں۔ ۴۰ ہرویں دن کمسن بچوں کو شیرنی تقسیم کرے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو گی۔
زکوٰۃ کے بعد نوچندی جمعہ کو صبح ۸ بجے اور ۹ کے درمیان نقش تیار کرے اور
حفاظت سے اپنے پاس رکھے۔

جب حاضرات کرنی ہو تو نقش مریض یا بچے کے ہاتھ میں دے اور تاکید
کر دے کہ وہ نقش کو دیکھتا رہے اور خصوصاً سیاہ خانہ میں اپنی نظریں جمائے
رکھے۔ عامل کو چاہئے ایک مرتبہ سورۂ مزمل مع عزیمت پڑھے۔ انشاء اللہ اسی

وقت مؤکل حاضر ہو کر ہم کلام ہوں گے۔

عزیمت یہ ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم. اجمدماد وقیائیل
یاطاطائیل یاشرفیائیل یارفتمائیل بحق یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا
قَلِیْلًا (تا ختم سورہ پڑھے) ختم سورۃ کے بعد یہ عزیمت پڑھے۔
وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ
وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ شاہ بکمانوس رااعلام
بدیدی ایں قعہ بوسیلۂ خدا و رسول خدا آمدہ حاضر شود۔

حاضرات کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم
۷۷ ع ۸۸ راہ

۹۹۱۱۱۰۱۰۱۰۹۲۵۱۱۹

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ
وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ شاہ بکمانوس رااعلام
بدیدی ایں قعہ بوسیلۂ خدا و رسول خدا آمدہ حاضر شود۔

اس نقش کو ایک بار تیار کر کے رکھ لیں، لیکن اس کی کالس پر حاضرات والی
روشنائی لگائیں۔ انشاء اللہ لازماً حاضرات ہو گی اور مؤکلین حاضر ہو کر عامل سے
ہم کلام ہوں گے اور جب عامل رخصت کی اجازت دیدے گا جب ہی رخصت
ہوں گے۔

سورۂ مزمل کی حاضرات کا دوسرا طریقہ

اس حاضرات کی زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے۔ طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں جمعرات سے ہر نماز کے بعد ۳/مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد ۴۱/مرتبہ روزانہ سورۂ مزمل پڑھیں، اول وآخر ۱۱-۱۱/مرتبہ درود شریف پڑیں۔ ۴۰/ویں روز مٹھائی تقسیم کریں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اس کے بعد عامل جب حاضرات کرنا چاہے تو اس سورۃ کا نقش تیار کرے اور اس کے پانچوے خانہ میں حاضرات کی سیاہی بھرے اور نقش کسی نابالغ بچے کے ہاتھ میں تھمادیں۔ یہ نقش مریض کے ہاتھ میں بھی تھما سکتے ہیں۔ تاکید کریں کہ بچہ یا مریض نقش کو گھورتا رہے۔ عامل کو اس وقت یہ چاہئے کہ وہ سورۂ مزمل کی تلات کرتا رہے۔ چند ہی ساعتوں میں اموا کیل حاضر ہوں گے۔

ایک موکل کا نام لومائیل ہوگا۔ دوسرے موکل کا نام لوخائیل ہوگا
تیسرے موکل کا نام رویائیل ہوگا اور چوتھے موکل کا نام طائیل ہوگا
عامل کو چاہئے کہ ان موکلین سے کوئی عہد لے اور ان کے ذریعہ جنات کو قید کرائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

لوخائیل — لومائیل

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴		۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

طاطائیل — رویائیل

جادو، آسیب اور آفات سے نجات کے لئے

اگر کوئی سحر، آسیب، نظر بد یا کسی بھی آفت میں مبتلا ہو تو اس کو نوچندی جمعرات کے دن یہ تینوں نقش لکھنے چاہئیں۔

سورۂ یٰسین کا نقش دائیں بازو پر باندھیں، سورۂ مزمل کا نقش بائیں بازو پر باندھیں اور قرآن حکیم کا نقش گلے میں ڈالیں۔ روزانہ نمازِ فجر کے بعد سورۂ یٰسین اور اور نماز عشاء کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت کرتے رہیں۔ اول وآخیر ایک ایک مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ حیرتناک فوائد سامنے آئیں گے۔ سورۂ یٰسین کا نقشہ یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۶	۵۵۳۵۹	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۷
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۱	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۶۰

سورۂ مزمل کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۱۹۳	۱۷۱۵۶	۱۷۱۹۹	۱۷۱۸۶
۱۷۱۹۸	۱۷۱۸۷	۱۷۱۹۲	۱۷۱۹۷
۱۷۱۸۸	۱۷۲۰۱	۱۷۱۹۴	۱۷۱۹۱
۱۷۱۹۵	۱۷۱۹۰	۱۷۱۸۹	۱۷۲۰۰

قرآن حکیم کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۰۷۸۹۶۲	۶۰۷۸۹۶۵	۶۰۷۸۹۶۸	۶۰۷۸۹۵۴
۶۰۷۸۹۶۷	۶۰۷۸۹۵۵	۶۰۷۸۹۶۱	۶۰۷۸۹۶۶
۶۰۷۸۹۵۶	۶۰۷۸۹۷۰	۶۰۷۸۹۶۳	۶۰۷۸۹۶۰
۶۰۷۸۹۶۴	۶۰۷۸۹۵۹	۶۰۷۸۹۵۷	۶۰۷۸۹۶۹

جنات، آسیب، جادواور گردشوں سے نجات کے لئے

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ سورۂ مزمل کا یہ نقش جو چاروں قل کے ساتھ ہے جنات، آسیب، جادواور گردشوں سے نجات دلانے میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو ساعتِ سعید میں لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ مطلوبہ نتائج بہت جلد ظاہر ہوں گے۔

نقش یہ ہے۔

قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ
وَلَا اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا اَعْبُدُ وَلَا اَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُّمْ
وَلَا اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا اَعْبُدُ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ

۲۲۹۲۳	۲۲۹۱۸	۲۲۹۲۵
۲۲۹۲۴	۲۲۹۲۲	۲۲۹۲۰
۲۲۹۱۹	۲۲۹۲۶	۲۲۹۲۱

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ یَلِدْ
وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ.

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ. مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ. وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ. وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ. وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ.

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ. مَلِکِ النَّاسِ. اِلٰهِ النَّاسِ. مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ. الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ. مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ.

سورۂ مزمل کا ایک موثر ترین عمل برائے تسخیر خلائق

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ لوگ اس کی طرف متوجہ رہیں، اس کی عزت کریں اور اس سے محبت کریں اور وہ عوام وخواص میں مقبول رہے تو اس کو ۴۰ دن تک یہ عمل کرنا چاہئے۔

سورۂ یٰسین کی تلاوت اس طرح کریں کہ اول وآخیر ۳-۳ مرتبہ درودتاج پڑھیں اور سورۂ یٰسین کے ہر مبین پر سورۂ مزمل ایک بار اس طرح پڑھیں کہ اول و آخیر ۱۲۹ مرتبہ "یالطیف" پڑھیں۔ پرہیز کوئی نہیں ہے لیکن اس دوران کسی سے کسی بھی طرح نہ جھگڑا کریں اور نہ اپنے خیالات کو منفی بنائیں۔ سب سے محبت کریں اور دشمن کے بارے میں بھی برا نہ سوچیں اور کوئی پرہیز نہیں ہے۔ چلہ پورا ہونے کے بعد نمازِ فجر کے بعد ایک بار سورۂ یٰسین کی اور نمازِ عشاء کے بعد ایک بار سورۂ مزمل پڑھا کریں۔ انشاءاللہ دنیا عامل کی مٹھی میں رہے گی۔

ہر طرح کے مرض سے نجات پانے کے لئے

کوئی بھی جسمانی مرض ہو سورۂ مزمل کے نقش کے ذریعہ اس سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔

سورۂ مزمل کے مربع نقش کو مریض کے عنصر کے حساب سے بناکر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اگر مریض کا عنصر آتشی ہو تو آتشی چال سے نقش لکھیں۔ اگر مریض کا عنصر بادی ہے تو بادی چال سے نقش لکھیں۔ اگر مریض کا عنصر آبی ہو تو آبی چال سے اور عنصر خاکی ہو تو خاکی چال سے نقش لکھیں اور مریض کے گلے میں ڈالیں۔ سورۂ مزمل کا نقش آتشی چال سے یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۱۹۳	۱۷۱۹۶	۱۷۱۹۹	۱۷۱۸۶
۱۷۱۹۸	۱۷۱۸۷	۱۷۱۹۲	۱۷۱۹۷
۱۷۱۸۸	۱۷۲۰۱	۱۷۱۹۴	۱۷۱۹۱
۱۷۱۹۵	۱۷۱۹۰	۱۷۱۸۹	۱۷۲۰۰

سورۂ مزمل کا نقش بادی چال سے یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۱۸۹	۱۷۱۹۴	۱۷۱۹۲	۱۷۱۹۹
۱۷۲۰۰	۱۷۱۸۸	۱۷۱۹۷	۱۷۱۸۶
۱۷۱۹۵	۱۷۱۸۸	۱۷۱۹۸	۱۷۱۹۳
۱۷۱۹۰	۱۷۲۰۱	۱۷۱۸۷	۱۷۱۹۶

سورۂ مزمل کا نقش آبی چال سے یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۱۹۹	۱۷۱۸۶	۱۷۱۹۳	۱۷۱۹۶
۱۷۱۹۲	۱۷۱۹۷	۱۷۱۹۸	۱۷۱۸۷
۱۷۱۹۴	۱۷۱۹۱	۱۷۱۸۸	۱۷۲۰۱
۱۷۱۸۹	۱۷۲۰۰	۱۷۱۹۵	۱۷۱۹۰

سورۂ مزمل کا نقش خاکی چال سے یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۱۹۵	۱۷۱۸۹	۱۷۱۹۰	۱۷۲۰۰
۱۷۱۸۸	۱۷۲۰۱	۱۷۱۹۴	۱۷۱۹۱
۱۷۱۹۸	۱۷۱۸۷	۱۷۱۹۲	۱۷۱۹۷
۱۷۱۹۳	۱۷۱۹۶	۱۷۱۹۹	۱۷۱۸۶

پینے کے لئے سب مریضوں کو یہ نقش دیا جائے

۷۸۶

۲۲۹۲۳	۲۲۹۱۸	۲۲۹۲۵
۲۲۹۲۴	۲۲۹۲۲	۲۲۹۲۰

کیسا بھی موذی مرض ہوگا انشاء اللہ ۲۱ روز میں اس سے نجات مل جائے گی اور مریض صحت مند ہوجائے گا، پینے والے نقش گلاب و زعفران سے لکھیں۔

پینے والے نقش اگر کاغذ کے بجائے روزانہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں تو بہتر ہے۔

تمت